[illegible] حضرت [illegible] قتل [illegible] آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

کے ظاہری ارشاد کے [illegible] علم [illegible] کی وجہ سے بارگاہ رسالت میں منسوب

[illegible] ظاہری الفاظ کے [illegible]

[illegible] اجتہاد [illegible] الدین [illegible] مودودی صاحب کی طرح وہ

پانچواں [illegible] ہو [illegible] حضرات اس کو تسلیم کرتے ہیں یا نہیں؟

[illegible] مرزا [illegible] مرزا [illegible]

حجر العسقلانی اور بعض نے قتل کا قصہ یوں دیا ہے (معاذ اللہ تعالیٰ) آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ
شخص تو فطری طور پر مرد ہی نہ تھا … حضرت ماریہ سے تعلقات نا جائز نہیں ہو سکتے ہیں مگر اس
… حضرت علی دیکھ لیتے تو انکی تو … اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم نے … آپ کو غائب سے تعبیر کیا دیکھئے فریق مخالف تسلیم کرتا ہے یا نہیں … صریح
کے … سے تسلیم کرتے ہیں … ہیں …

(۳) مسلم ج ۲ ص … وغیرہ میں یہ روایت آتی ہے کہ ایک لونڈی نے زنا کیا۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم کو اطلاع ہوئی تو آپ نے حضرت علی کو بھیجا کہ جا کر اسکو سزا دے۔ جب گئے تو دیکھا کہ وہ ابھی ایام نفاس
میں تھی … اسکو سزا … حالت نفاس میں … آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کو جب حضرت علی نے بتایا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ علی تم نے بہت ہی اچھا کیا ہے کہ اس کو اس حالت میں
سزا نہیں دی۔ مطلب یہ ہے کہ فریق مخالف … میں … تحقیق میں … اس حدیث
سے معلوم ہو کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس بات کا علم نہ تھا کہ اس لونڈی کے ہاں بچہ ہوا
ہے۔ اگر آپ حاضر و ناظر اور عالم الغیب ہوتے تو آپ کو یہ ضرور معلوم ہوتا۔

(۴) مسلم ج ۲ ص … وغیرہ میں مروی ہے کہ ایک مرتبہ … آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی
چارپائی کے نیچے گھس … آپ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو … مگر وہ نہ آئے جب آپ نے
دیکھا کہ … کتا ہے تو … آپ نے پوچھا … نہ ہوتے …
کیونکہ … مجھے علم نہیں۔ اگر آپ حاضر و ناظر ہوتے تو آپ کو … دیکھئے …
فلاں وقت … اور … بیٹھے۔

(۵) مستدرک ج ۲ ص … میں ایک حدیث آتی ہے جسکی تصحیح امام حاکم اور علامہ ذہبی دونوں
… حضرت … جنگ … حضرات صحابہ کرام … چونکہ … کے
قتل … حضرات صحابہ کو تردد ہوا … آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسکو … دیکھو … جب … تو وہ

تمام سے لئے۔ اس سے ان کو قتل نہ کیا گیا جو خود حاضر ہوا یا مصیبت سے کہ بغیر کسی اطلاع مخبری کے ایسا معاینہ کرے کی اجازت نہ ہو ... ۔

حضرات ... ایک دفعہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آنحضرت سے ناراض ہو کر چلے گئے تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص سے فرمایا جا کر دیکھو اور تلاش کرو کہ علی کہاں چلا گیا ہے؟ (بخاری ج۱ ص ۶۳)۔

ایک مرتبہ ایک صحابی عمدہ قسم کی کھجوریں جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس لایا۔ آپ نے فرمایا کیا خیبر کی ساری کھجوریں اس قسم کی ہوتی ہیں؟ صحابی نے کہا۔ نہیں خدا کی قسم سب اس طرح نہیں ہوتیں۔ (بخاری ج۱ ص ۲۹۰)۔

حضرت انس روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دفعہ رستہ میں کھجور کا ایک دانہ پایا آپ نے فرمایا۔ اگر مجھے یہ ڈر نہ ہوتا کہ یہ صدقہ کا ہو تو میں اس کو اٹھا کر کھا لیتا۔ (مسلم ج۱ ص ۳۴۵ و بخاری ج۱ ص ۳۲۸)۔

مولوی محمد عمر صاحب نے یوں وضاحت کی ہے کہ آپ معلم الغیب ہیں اس لئے اتقا کا سبق سکھایا ہے کہ اگر ایک کھجور بھی مشتبہ ہو تو اس کا بھی کھانے سے پرہیز کرو (مقیاس ص ۳۱۱) مگر اس سے ہرگز یہ ... نہیں ہو کیونکہ ... حدیث اس امر کو متعین کرتے ہیں ... کہ مجھ کو یہ ڈر نہ ہوتا کہ یہ زکوٰۃ اور صدقہ کا ہو تو ... شبہ کی بنا پر آپ نے پرہیز کیا۔ عدم علم منصوص ہے اور اس روایت میں ... ہے مزید تشریح ازالۃ الریب میں ملاحظہ ہو۔

حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے جب کوئی کھانا پیش کیا جاتا تو آپ پوچھا کرتے تھے۔ اگر کہا جاتا کہ صدقہ ہے تو آپ وہ کھانا نہ کھاتے اور اگر ہدیہ ہوتا تو کھا لیتے۔ (مسلم ج۱ ص ۳۴۵)۔

ایک مرتبہ حضرت ابوہریرہ نظر نہ آئے تو آپ نے صحابہ کرام سے دریافت فرمایا۔

من حس الفتی الدوسی (ابوداؤد ج ص ۹۵) یعنی دوسی نوجوان کا کسی کو علم ہے؟

کیا حضرات ناظرین عالم الغیب کی یہی شان ہوتی ہے کہ معلوم کچھ ہو نہ ... کسی دوسرے سے پوچھا کرے؟

والعیاذ باللہ تعالیٰ ۔ دوسرا باب انہی صحیح احادیث پر ختم کیا جاتا ہے جن میں ایک سلیم الطبع منصف مزاج خدا ترس آدمی کے لئے درسِ عبرت اور بصیرت موجود ہے۔

قارئین کرام! آپ نے بطور نمونہ چند صحیح حدیثیں با حوالہ ملاحظہ کر لی ہیں۔ اگر اس مضمون کی تمام صحیح احادیث کا استیعاب کیا جائے تو یقیناً یہ ایک دشوار کام ہوگا اور ایسا کرنا بس کی بات بھی نہیں ہے مگر ایک منیب اور خدا ترس انسان کو جس کے سامنے موت اور حیات کا سوال ہو اور جس کے سامنے قبر، میدانِ محشر اور پل صراط کا نقشہ ہو اور جس کے پیشِ نظر احکم الحاکمین کے عدل و انصاف کی وہ عدالت ہو جس میں بڑے بڑے بھی یہ کہنے پر مجبور ہوں گے کہ نفسی نفسی اور جس دن ڈر اور خوف کے مارے حاملہ عورتوں کے حمل ساقط ہو جائیں گے اور دودھ پلانے والی عورتیں اپنے شیرخوار بچوں سے غافل ہو جائیں گی اور اکثر لوگ یوں ایسے مدہوش ہوں گے کہ جیسے کسی نے کوئی نشہ آور چیز پی لی ہو حالانکہ وہاں کوئی ظاہری نشہ نہ ہوگا مگر صرف عذابِ خداوندی اور جلالِ الٰہی کا سامنا ہوگا۔ ان پیش کردہ صحیح احادیث سے مسئلہ زیر بحث پر دلائل واضحہ اور براہین ساطعہ کا کافی ذخیرہ مل سکتا ہے۔ حق و باطل اور صحیح و غلط کے امتیاز کے لئے بقرآن راہ شفا ہو سکتی ہے اور یہ بات بھی بخوبی معلوم ہو سکتی ہے کہ فریقِ مخالف کے اس دعویٰ سے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر جگہ اور ہر وقت حاضر و ناظر ہیں کس طرح نصوص قرآنیہ کے علاوہ صحیح احادیث کا انکار لازم آتا ہے اور آپ کو ہر جگہ حاضر و ناظر تسلیم کرنے سے توہین و تحقیر کا وہ کون سا پہلو ہے جو باقی رہ جاتا ہے؟

والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ مگر فریقِ مخالف نے نہایت ہی صریح غلطی اور مغالطہ آمیزی سے یہ سمجھ رکھا ہے کہ آپ اور اسی طرح دیگر بزرگانِ دین کو ہر جگہ حاضر و ناظر تسلیم کرنے سے عشق و محبت اور تعظیم و توقیر کا پہلو نکلتا ہے اور اس کو نہ تسلیم کرنے سے اعاذنا اللہ تعالیٰ آپ کی اور اسی طرح دیگر بزرگانِ اسلام کی توہین ہوتی ہے۔ کاش کہ یہ لوگ قرآن و حدیث کو غور و تدبر سے پڑھتے اور پڑھنے کی اہلیت بھی رکھتے اور صحیح معنی میں حضرات السلف الصالحین کی تعلیمات سے دلوں کو منور کرتے تو ان کو قدم قدم پر ٹھوکریں نہ لگتیں نہ وہ خود گمراہ ہوتے اور نہ عوام الناس کی گمراہی کا موجب بنتے۔

کیونکہ جو حضرات دراصل کے رسول برحق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نافرمانی کے بعد بالاعتراف ان جہنم کی ان دردناک سزا کا جسے آپ کو سستی بنا لیا ہے، جس کی شدت کا اس وقت تصور بھی نہیں کر سکتا۔ بہرحال عاقل اور دور اندیش انسان صرف وہ ہے جو دنیائے فانی کے قلیل اور عارضی لہو ولعب و فصال سے بالاتر ہو کر اپنی نظر رضائے الٰہی کے بعد صرف آخرت کے حقیقی اور بے حد و حساب فوائد پر جمائے رکھے اور اس ابدی اور دائمی زندگی کے مقابلے میں اس ناپائیدار اور فانی زندگی پر دھیان ہی نہ کرے جو حقیقی اطمینان اور مسرت سے یکسر خالی ہے کیا خوب کہا گیا ہے ؎

ہم زندگی سمجھتے تھے جس کو وہ خواب تھا بالیں پہ آ کے موت نے بیدار کر دیا

مگر یہ یاد رہے کہ کوئی بھی اعلیٰ اور قابل قدر شئے بغیر آزمائشوں میں سے گزرنے اور مشکلات سے دوچار ہوئے حاصل نہیں ہو سکتی۔ پھر جو رضائے الٰہی اور جنت جیسی بے نظیر و بے مثال ابدی نعمت کے حصول کا راستہ کیوں خاردار نہ ہو! اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ۔ ؎

وہی زندگی اور پائندگی ہے
باقی ہے جو کچھ وہ سب جانبازی

تیسرا باب

پہلے باب میں آپ یہ پڑھ چکے ہیں کہ جلیل القدر اور اولوالعزم رسول اور نبی بھی ہر جگہ حاضر و ناظر نہیں ہوتے اور اپنے مقام پر پوری تفصیل اور تشریح کے ساتھ قرآن کریم کی متعدد آیات ذکر کی جائیں گی جن سے یہ بات روز روشن کی طرح آشکارا ہو جائے گی کہ حضرت امام الانبیاء والمرسلین سید ولد آدم محمد مصطفیٰ، احمد مجتبیٰ، شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی بایں شان و شوکت ہر جگہ حاضر و ناظر اور (اور جمیع ما کان وما یکون کے عالم) نہ تھے اور دوسرے باب میں صحیح احادیث آپ ملاحظہ کر چکے ہیں۔ اب اس باب میں یہ عرض کیا جاتا ہے کہ حضرات فقہاء کرام اور حضرات محدثین عظام نے جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں کیا عقیدہ پیش کیا ہے؟ اور وہ خود اس بارے میں کیا عقیدہ رکھتے تھے؟ اور یہ بات کسی بھی خدا ترس سنجیدہ مزاج اور باشعور مسلمان سے مخفی نہیں رہ سکتی کہ ملت اسلامیہ میں کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کی روایتی اور درایتی حیثیت سے حفاظت اور نگرانی حضرات محدثین کرام اور حضرات فقہاء اسلام ہی نے کی ہے۔ ان میں اگر ایک گروہ اور طائفہ نے الفاظ اور سند کی نگرانی کی ہے تو دوسرے گروہ نے ان کے معانی اور مطالب کو محفوظ رکھا ہے۔ اگر ایک فریق نے راستہ اور جادہ کو محفوظ رکھا ہے تو دوسرے نے منزل اور مقصد کو محفوظ و مصون کیا ہے۔ انہوں نے ہی ہمیشہ اور فرض شناسی کے جذبہ سے سرشار ہو کر انسانیت کی فلاح و بہبود، ہدایت و رشد، کامیابی و کامرانی کے لئے بڑی محنت و مشقت سے، بڑی کوشش اور کاوش سے، پیہم جفاکشی اور تندہی سے کتاب و سنت اور توحید و رسالت کا نعرۂ حق بلند کیا۔ حتیٰ کہ ان کی سعی بلیغ سے کتاب و سنت کا چرچا عام ہوا، پیروی شریعت کا جھنڈا بلند ہو گیا اور کیوں نہ ہوتا کہ ان کی ہدایت، اخلاص اور دو ٹوک سے پکار ہی صرف یہی پکار تھی کہ مسلمانو! صرف خدا کو پوجو، وہی مختار کل، حاجت روا، فریاد رس، مشکل کشا اور دستگیر ہے۔ اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شریعت کی پیروی کرو اور صرف آپ ہی کی پیروی میں

کا باعث ہے قرآن کریم کے احکام پر عمل کرنا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحیح عبادات کے مطابق عبادت کرنا۔ کلیوں سے پاک عقل نے تمام مادے کے نقشے بدل دیئے عجائبات عالم کے طلسم ہستی کے حیرت انگیز منظر پیش کئے ان کی تحقیق و تدقیق کر کے عجیب اور جدید چیزوں کے پیچھے جس عمل کا سرچشمہ علم و عمل اسوہ کا وجود ہے بعضوں نے انسانی اوہام و عبادات فاسدہ و عقائد باطلہ کی زنجیروں کو کاٹ کر [illegible] کر دیا انسان [illegible] بالکل ہی [illegible] معاشرت کا صحیح راستہ [illegible] کیا جائے اعمال و اخلاق کا [illegible] ناامیدیوں کا کامیاب علاج تجویز کیا اور جو لوگ بیان و عمل کے جوہر سے یکسر خالی تھے [illegible] جرأت [illegible] میں بیٹھتے [illegible] علم و تحقیق کی دولت سے مالا مال [illegible] تعصب و تنگ [illegible] کے بوجھ سے [illegible] روشن [illegible] انسان کی حقیقی بھلائی اعمال کی نیکی، اخلاق کی برتری، دلوں کی صفائی اور [illegible] قوتوں میں اعتدال اور [illegible] پیدا کرنے کی غرض سے کتاب اللہ و سنت رسول اللہ کے معانی و مطالب کو نہایت آسان [illegible] کر دیئے اور نقل صحیح اور عقل سلیم کا [illegible] اور صحیح اصول معیار قائم کیا جس سے دلوں کی تشفی کا اور باطل قسم کے شکوک و شبہات کے ازالہ کا بہترین اور قابل قدر طریقہ اور راستہ متعین ہو جاتا ہے جس سے [illegible] حقائق و دقائق [illegible] براہ راست استفادہ کر سکتے ہیں۔ جس کی تعلیم و تفہیم کے لائق مترجم [illegible] سلطان [illegible] امیر و غریب عالم [illegible] مجاہد [illegible] سب پر [illegible] ہیں [illegible] علوم و فنون ترتیب دیئے جن سے دنیا کے [illegible] تمدن اور بہترین [illegible] معاشرت کی تکمیل ہوئی [illegible] عقائد و اعمال معاملات و حقوق کے جوہر [illegible] ایوان عمل کے نقش و نگار [illegible] خود [illegible] کا تعلق باہم مضبوط و مستحکم ہو [illegible] اپنے اپنے وقت [illegible] گزر گئے اور [illegible] کی کس چیز کو ہدایت حاصل ہے [illegible] صدیوں [illegible] کی دولت سے [illegible] صدیوں کے تحریری [illegible] روایتی [illegible] تحقیقات [illegible]

اور حدیث کے حفظ کا دور دورہ ان کی دیدہ ریزیاں [illegible] ان کی زندگی و [illegible] السنت [illegible] صاحب

مزاج حضرت [illegible] مومن کی [illegible] اور [illegible] قابل تقلید نمونہ ہے اور [illegible] ان کی تبحر علمی

ہی سے اور ان کے [illegible] کی [illegible] سے ہی [illegible] نکات [illegible] سکتی ہے [illegible] کتنی ہی

روحیں ہیں جنہوں نے ان [illegible] جنگ اور [illegible] خود [illegible] پرستوں [illegible] سے [illegible]

[illegible] ان کی شان [illegible] کی [illegible] میں [illegible] کوئی [illegible]

دو گر [illegible] علم [illegible] افسوس ہے

وہ لوگ تم نے ایک ہی شوخی میں کھو دیئے
ڈھونڈا تھا فلک نے جنہیں خاک چھان کے

خلاصہ [illegible] ائمہ محدثین اور فقہاء کا [illegible] کا [illegible] ایک

ہے [illegible] صرف نظر کرنے [illegible] حضرات [illegible] ان کا کچھ [illegible] ہے [illegible] احکام اور معانی ہیں

وہ خاص طور پر حضرات فقہاء کرام ہی کی [illegible] معتبر [illegible] ہو سکتی ہے کیونکہ [illegible] امام اعمش [illegible] کرتم

[illegible] ہیں جن [illegible] حضرت [illegible] (محدثین) موجود ہیں [illegible] [illegible] ہے

اسلام کی [illegible] ہو سکتے ہیں جو [illegible] الباب [illegible] اور جو حضرات فقہاء کرام کی معانی

و مطالب [illegible] حضرات محدثین کرام نے [illegible] میں [illegible] تفصیل کا یہ

موقع نہیں ہے [illegible] مقام پر [illegible] یہاں صرف ایک ہی حوالہ پر اکتفا کیا جاتا ہے

چنانچہ [illegible] صاحب [illegible] ایک حدیث کی تحقیق میں لکھتے ہیں کہ

وکذلک قال الفقہاء وہم اعلم بمعانی [illegible] الحدیث [illegible] [illegible]

[illegible] کو [illegible] ہیں۔

[illegible] حضرات ائمہ کرام کا [illegible] علی الخصوص حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ

کے [illegible] کا [illegible] موجود ہے [illegible] مزاج اہل علم [illegible] کی [illegible]

[illegible] و [illegible] ہے [illegible] اخلاص [illegible] ہے اور [illegible] [illegible] و [illegible] کی ہے

[illegible] اللہ تعالیٰ علیہ [illegible] کی [illegible] و تفصیل [illegible] کی ہے [illegible] کا [illegible] ہو سکتا ہے۔

وہ اصحاب علم و تحقیق کے پیشوا و رہنما فقہاء و مجتہدین کے آفتاب و ماہتاب اور درخشندہ ستارے ہیں وہ اپنی چمک دمک سے تاریک دنیا کو علم و تحقیق کی کرنوں سے منور اور روشن کرتے اور ابر رحمت بن کر جہالت کی خشک زمین کو سرسبز و شاداب کرتے رہے ہیں مگر افسوس جو ہستیاں ذہن سے باہر نکلیں سونا بنیں جو باقی ہیں وہ مبارک اور برگزیدہ ہستیاں بھی ایک ایک کر کے رخصت ہوتی جا رہی ہیں اب وہ وقت آ رہا ہے کہ جس میں نہ لوگوں کو پلانے والا رہے گا اور نہ پینے والا رہے گا اور پھر پینے کیسے رہے گا وہ لطیفہ افسوس یہ کہنا ہے

تو جو رہا ہے تب پینے کا کب مزہ رہا ۔ پیمانہ خم رہا ہالی بھی تو میں پینے نہیں

کو مسئلہ زیر بحث میں دیگر حضرات فقہاء کرام (امام مالک متوفی ۱۷۹ھ اور امام احمد بن حنبل ۲۴۱ھ) کا کوئی واضح فیصلہ ہے جو حضرات فقہاء احناف کا ہے اور ان کا بھی صرف ان کی تقلید سے یہ ثابت ہے مگر ہم چونکہ اسی گروہ سے خطاب کرتے ہیں جو خود کو حنفی کہلاتے ہیں بلکہ خود حنفیت کا واحد ٹھیکیدار ہے، اسلئے ہم صرف حضرات فقہاء احناف ہی کی چند عبارات اور نقول پر اکتفا کرتے ہیں اور متبعین تقلید حضرات اور اہل انصاف مسلمانوں سے یہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ بغور و انصاف اس تقلید اور مسئلہ کو پڑھیں تاکہ حق کو پہچانیں۔

فقیہ کبیر الشیخ الفاضل الامام الاجل الزاہد الورع امام الصفہ حسن بن منصور المعروف بقاضی خان المتوفی ۵۹۲ھ تحریر فرماتے ہیں کہ:

رجل تزوج امرأۃ بغیر شھود فقال الرجل للمرأۃ خدا و رسول را گواہ کردیم قالوا یکون کفرا لانہ اعتقد ان رسول الله صلی الله علیہ وسلم یعلم الغیب وھو ما کان یعلم الغیب حین کان فی الاحیاء فکیف بعد الموت۔

(فتاوی قاضی خان ... طبع نولکشور)

جس شخص نے بغیر گواہوں کے ایک عورت سے نکاح کیا اور عورت کو کہا کہ خدا و رسول کو گواہ کر لیا تو فقہاء نے کہا یہ کفر ہے کیونکہ اس نے یہ اعتقاد کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غیب جانتے ہیں حالانکہ آپ زندگی میں بھی غیب نہیں جانتے تھے تو وفات کے بعد کیسے غیب دان ہو سکتے ہیں؟

حضرت فقہاء کرام کا اس عقیدہ پر فتوی کہ وہ ... علم غیب کلی نہیں ... عالم الغیب کے علاوہ

ہے ایک سو احتمالات پیدا ہو گئے ہوں۔ ایک پہلو اسلام کا ہو اور ننانوے کفر کے ہوں تو اس صورت میں بھی وہ تکفیر سے تب ساں ہی کرتے ہیں کہ شاید کہنے والے کی مراد وہ پہلو ہو جو اسلام کا پہلو ہے اور اگر معلوم ہو جائے کہ کہنے والا خود کفر کا پہلو ہی متعین کرتا ہے تو پھر کسی تقیہ و تشبیہ کے پیچھے سے وہ کفر سے ہٹتے بھی نہ تھے۔ مگر یہ پہلو قابل لحاظ کیا یا وجود بڑے محتاط ہونے کے حضرات فقہاء حنفی کس سے عمل اور بے باکی سے اس شخص کی تکفیر کرتے ہیں جو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مجلس نکاح میں گواہ حاضر و ناظر و عالم غیب مان کر اور اس پر عقیدہ رکھتا ہے۔ یہی تو وہ عقیدہ ہے جب مجلس میں تشریف لاتے ہو تو وہ محبوب و مقرر دعوت کی بھی طور پر تشریف لائیں۔ اور مشترکہ مسئلہ ہو تو ایسی مجلس ناجائز اور حرام ہے۔ اور یہ مقام پر جس قرینے سے یہ مسئلہ ثابت کیا جاتا ہے کہ اگر ایسی مجلس میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آپ کی روح مبارک کو حاضر و موجود ہونے کی صراحت ثابت ہی نہیں ہے اور حضرات فقہاء کرام رحمہم اللہ کی اس صریح تکفیر کے علاوہ اس عقیدہ سے قرآن کریم کی اس آیت کا انکار بھی لازم آتا ہے جو بجائے خود کفر ہے۔ اور یہی ناجائز اور حرام مجلس میں جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر تسلیم کرنا آپ کی توہین ہے جو صریح کفر ہے۔ معاذ اللہ تعالیٰ ظلمات بعضها فوق بعض

(۲) علامہ عبد الرشید ابو الفتح ظہیر الدین الولوالجی (المتوفی ۵۴۰ھ) فاضل مناظر اور کامل فقیہ تھے (متوفی بعد ۵۴۰ھ) لکھتے ہیں کہ:

تزوج امرأة ولم يحضر الشهود فقال خدا ورسول را گواه کردم قالوا يكفر لانه يعتقد ان النبي صلى الله عليه وسلم يعلم الغيب ولا يعلم الغيب الا الله ومن اعتقد هذا كفر

(فتاوى ولوالجية ...)

ایک شخص بغیر گواہوں کے ایک عورت سے نکاح کیا۔ اور جب گواہ موجود نہیں تھے اس شخص نے عورت کو خطاب کرتے ہوئے یوں کہا میں تیرے ساتھ خدا تعالیٰ اور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو گواہ بنا کر نکاح کرتا ہوں تو وہ شخص کافر ہو جائے گا اس لیے کہ اس نے یہ عقیدہ رکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عالم الغیب ہیں حالانکہ علم غیب صرف اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے اور جو شخص ایسا عقیدہ رکھے وہ کافر ہے

(۳) شیخ العلامہ، مدقق الفہامہ، ابو حنیفہ ثانی زین العابدین بن نجیم المصریؒ (المتوفی ۹۷۰ھ) رقمطراز ہیں کہ:

لو تزوج بشهادة الله ورسوله لا ينعقد النكاح ويكفر لاعتقاده ان النبي صلى الله عليه وسلم يعلم الغيب۔
(بحر الرائق ج [illegible] ص [illegible])

اگر کسی شخص نے خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گواہ کر کے نکاح کیا تو سرے سے ہی منعقد نہ ہوگا اور وہ شخص کافر ہو جائیگا کیونکہ اس نے یہ اعتقاد کر لیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غیب جانتے ہیں۔

(۴) حضرت سلطان عالمگیرؒ (المتوفی ۱۱۱۸ھ) نے پانسو علماء و حضرات فقہاء کرام سے مسلمانوں کے لئے جو اسلامی آئین، قانون اور دستور مرتب کرایا تھا اس میں اس کی تصریح موجود ہے کہ:

تزوج رجل امرأة ولم يحضر الشهود وقال خدائے را و پیغمبر را گواہ کردم او قال خدائے را و فرشتگان را گواہ کردم یکفر ولو قال فرشتہ دست راست را گواہ کردم و فرشتہ دست چپ را گواہ کردم لا یکفر۔
(فتاویٰ عالمگیری ج [illegible] ص [illegible])

ایک شخص نے کسی عورت سے بغیر گواہوں کے نکاح کیا اور کہا کہ میں اللہ تعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گواہ بناتا ہوں یا اس نے یہ کہا کہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کو گواہ بناتا ہوں تو ایسا شخص کافر ہو جائیگا اور اگر اس نے یہ کہا کہ میں دائیں اور بائیں ہاتھ کے فرشتوں کو گواہ بناتا ہوں تو کافر نہ ہوگا کیونکہ یہ دونوں فرشتے حاضر ہوتے ہیں مگر نکاح نہ ہوگا۔

(۵) فقہ حنفی کے مشہور و معروف فتاویٰ تاتارخانیہ میں لکھا ہے کہ:

لو تزوج بشهادة الله ورسوله لا ينعقد النكاح ويكفر لاعتقاده ان النبي صلى الله عليه وسلم يعلم الغيب

جس نے خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گواہ بنا کر نکاح کیا تو نکاح نہ ہوگا اور وہ شخص کافر ہو جائیگا کیونکہ اس نے یہ اعتقاد کیا ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غیب جانتے ہیں۔

(۶) معروف فتاویٰ جواہر اخلاطیہ میں لکھا ہے کہ:

ان زعم ان النبي صلى الله

اگر کسی نے یہ گمان کیا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غیب

علیہ وسلم یعلم الغیب یکفر — جانتے ہیں وہ کافر ہو جائے گا اگر کسی کا یہ

فما ظنک بغیرہ — مسلمان یہ عقیدہ رکھے تو کیونکر وہ مسلمان رہ سکتا ہے؟

علاوہ ازیں امام فقیہ حافظ محدث مفسر متقی محقق ابو الفضل امام مطرزی و زاہد علی بن ابی بکرؒ المتوفی ۵۹۳ھ صاحب ہدایہ اپنی کتاب تجنیس ص ۲۹ میں اور علامہ عدیم النظیر فرید الدہر مختار بن محمود الزاہدی المتوفی ۶۵۸ھ صاحب قنیہ ص ۴۵ میں اور فقیہ وقت جامع علوم امام عبد الرحیم (المتوفی ۶۷۰ھ) فصول عمادیہ ص ۶۴ میں اور عالم وقت امام محدث محمد بن محمد بزازی مشہور بہ ابن بزاز کردری المتوفی ۸۲۷ھ فتاویٰ بزازیہ ص ۳۲۵ میں اور المحدث الکامل الفقیہ وقت علامہ بدرالدین عینیؒ (المتوفی ۸۵۵ھ) عمدۃ القاری ج ۳ ص ۵۴۶ اور محقق کامل حافظ ابن الہمام محمد بن عبد الواحد (المتوفی ۸۶۱ھ مسایرہ مع مسامرہ ص ۸۸ طبع مصر) اور یگانہ روزگار فقیہ و محدث علی بن سلطان القاری المتوفی ۱۰۱۴ھ المعروف بہ ملا علی القاری الحنفی شرح فقہ اکبر ص ۱۸۵ میں اور علامہ ابن عابدین امام محمد امین المتوفی ۱۲۵۲ھ شامی ج ۳ ص ۳۰ میں اور اسی طرح دیگر معتبر و مستند حضرات فقہاء احناف اس کی تصریح کرتے ہیں کہ جو شخص یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم غیب حاصل تھا یا آپ حاضر و ناظر تھے تو وہ قطعاً کافر اور دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔ آخر میں ہم مفسر قرآن محدث ملک بیہقی وقت قاضی ثناء اللہ صاحب الحنفی پانی پتیؒ المتوفی ۱۲۲۵ھ کی صرف ایک عبارت پیش کر کے حضرات فقہاء کرام کی عبارات کو انہی مختصر اقتباسات پر ختم کرتے ہیں۔ قاضی صاحب لکھتے ہیں: "اگر کسے بدون شہود نکاح کرد و گفت خدا و رسول را گواہ کردم یا فرشتہ را گواہ کردم کافر شود" (ما لابد منہ ص ۱۲۵)

حضرات! آپ نے ملاحظہ کر لیا کہ حضرات فقہاء احناف کے نزدیک یہ مسئلہ اتفاقی و اجماعی ہے اور یہ غلط ہے کہ وہ صرف حضرات احناف ہی ایسے شخص کی تکفیر کرتے ہیں جو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہر جگہ حاضر و ناظر و عالم الغیب تسلیم کرتا ہے بلکہ تمام محقق علماء احناف سو فیصدی اسی پر متفق ہیں اور یہی کفر کا عقیدہ ہے جیسا کہ فتویٰ قاضی اور فتاویٰ رشیدیہ وغیرہ سے ظاہر ہے اب فریق مخالف ہی بصیرت سے غور کر کے اور ٹھنڈے دل کے ساتھ خود انصاف کی بجائے حق و انصاف سے اور دل میں خوف خدا و آخرت کا خوف

[illegible] خود ہو کر رہ [illegible]

[illegible] [illegible] ہو وہ [illegible] والی [illegible]

شیشے کے گھر میں بیٹھ کر پتھر ہیں پھینکتے
دیوار آہنی پہ حماقت تو دیکھئے

حضرات انبیاء [illegible] علیہم الصلوٰۃ والسلام [illegible] قوم کے سامنے صحیح تعلیم پیش کی [illegible]

[illegible] صحیح تعلیم [illegible] خود حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ

والسلام [illegible] قرآن [illegible] نے غلط صفات بیان کئے تھے؟ [illegible]

[illegible] روایت [illegible] حقیقت کا کچھ نہیں پتہ لگا یا حضرات

[illegible] اور [illegible] باطل فرقوں نے کیا کسر اٹھا رکھی ہے؟

[illegible] صفات بیان کئے؟ اور کیا خلیفہ [illegible]

[illegible] واقعی [illegible] صحیح [illegible] ایک مصنف مزاج [illegible]

[illegible] سراسر باطل اور مردود ہیں [illegible]

[illegible] یا ان کے جوابات لیتے ہیں

[illegible] ملاحظہ کریں:

[illegible] بیان کیا ہے [illegible] حضرات فقہاء

[illegible]

[illegible] (ملخصاً)

جواب: [illegible] غیرہ مریض کے

[illegible] بیان کرتے ہیں کہ حضرات

فقہاء کرام [illegible] واقعی کے [illegible]

اگر [illegible] حضرات فقہاء احناف کے نزدیک

تو یہ ضعیف [illegible] ان کا مفتی بہ [illegible] حافظ

ابن ہمام [illegible] تحریر فرماتے ہیں

و ذکر [illegible] [illegible] کیا ہے

یا عتقد ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعلم الغیب (فتاویٰ قاضی خان) کرے یا اعتقاد رکھے کہ جناب رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غیب جانتے ہیں تو ایسا شخص کافر ہے۔

خود تو کہیئے کہ حضرات فقہاء نے کس وضاحت اور کیسی صراحت اور وضاحت سے یہ مسئلہ بیان کر دیا ہے کہ یہ عقیدہ رکھنا سراسر کفر ہے۔ مفتی احمد یار خان صاحب کا جواب کہ فقہاء بھی حضور علیہ السلام کو مطلق علم غیب مانتے ہیں ... ان عبارتوں میں کل یا بعض کا ذکر ہی نہیں الخ (جاء الحق ص ۱۲۳) بڑی جہالت پر مبنی ہے کیونکہ مطلق علم غیب سے کل علم غیب ہی مراد ہوتا ہے کیونکہ فرد کامل یہی ہے اور مفتی صاحب کا یہ کہنا کہ کل یا بعض کا ذکر نہیں سراسر باطل ہے اور یہ صحیح علم اور محاورات اور اصطلاحات سے ناواقفی کی دلیل ہے۔

دوسرا اعتراض: کہ بعض حضرات فقہاء کرامؒ نے اس تکفیر کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو گواہ کیسے پیش کر دیا کہ وہ مسئلہ اعتقادی جنس سے ہے اور جو شخص خدا تعالیٰ کو اور فرشتوں کو گواہ ٹھہرا ہے تو وہ گویا ان معہود طریقہ کے علاوہ ایک دوسرے طریقہ سے نکاح کی علت ... لہٰذا وہ کافر ہے دیکھئے حنفیت ص ... وغیرہ۔

جواب: یہ اعتراض بھی مردود ہے اس لئے کہ حضرات فقہاء کرامؒ نے مطلق مذکور نکاح کرنے والے کی تکفیر کی خود وجہ بھی بیان کی ہے اور وہ اس کی تصریح کرتے ہیں کہ وہ شخص صرف اس عقیدے کا کافر ہے کہ اس نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر اور عالم الغیب سمجھا اور اس کا اعتقاد کیا ہے حالانکہ آپ کو زندگی میں علم غیب حاصل نہ تھا تو اس دنیا سے تشریف لے جانے کے بعد کہاں سے حاصل ہو؟ تمام حضرات فقہاء کرامؒ کی عبارات میں تکفیر کا مرکزی نقطہ یہی صرف یہ ہے۔ ... ان عبارات کا مطالعہ کیجئے کہ حضرات فقہاء کرامؒ وجہ تکفیر اس چیز کو قرار دیتے ہیں کہ اعتقاد علم غیب اور حاضر و ناظر ہوں گے ... سے ہوئے کو ... اللہ تعالیٰ طبیعت صاف ہو جائے گی اگر فریق مخالف کی فہم و حقیقت شناسی کا یہی عالم رہا تو پھر خدا تعالیٰ ہی خیر کرے۔ سے

تیری بزم میں وہ بھی گل کھلے ہیں ... اگر رنگ ... محفل یہی ہے

تیسرا اعتراض: کہ حضرات فقہاء کرامؒ نے ایسے شخص کی تکفیر محض تہدید اور تخویف کے طور پر کی ہے

جواب: اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر و عالم الغیب تسلیم نہ کرنا کفر ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ حضرات فقہاء احناف نے ایسے شخص کی تکفیر کی ہے تو یہ بات [illegible] بالکل واضح ہے کہ یہ عقیدہ کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر و ناظر یا عالم الغیب ہیں ہرگز اسلامی نہیں ہے اور نہ حضرات فقہاء کرام اس کو اسلامی عقیدہ سمجھتے اور نہ اس کے منکر کی تکفیر ہی کرتے اور اگر مطلب یہ ہے کہ یہ عقیدہ تو اصل کی ہے مگر حضرات فقہاء کرام نے جو تکفیر کی ہے تو یہ تمام حضرات فقہاء احناف خود کافر اور مرتد ہوتے ہیں۔ کیونکہ ایک مسلمان کو جو اسلامی عقیدہ رکھتا ہے، کافر بتاتے ہیں۔ العیاذ باللہ تعالیٰ کیا واقعی فریق مخالف ان حضرات فقہاء کرام کو کافر سمجھتا ہے؟ نیز اگر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر تسلیم کرنا اسلامی عقیدہ ہے تو حضرات فقہاء کرام نے تکفیر کیوں کی ہے۔ اور اس مسئلہ پر کیوں کی ہے؟ شدید یہ کیوں نہ کہہ دیا کہ اللہ تعالیٰ پر فرشتوں پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والا بلکہ ہر قسم کی نیکی کرنے والا کافر ہے۔ اور پھر حضرات فقہاء کرام نے پوچھنے کہ آپ سے [illegible] کا ذکر اور دیگر جو تم ہمیشہ فرشتوں کو بیوں کافر نہیں کہ کیا آپ کو ہر جگہ کے لئے علم غیب اور حاضر و ناظر کا مسئلہ ہی وہ سبب ہوا ہے؟ ؎

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

چوتھا اعتراض: بعض حضرات فقہاء کرام نے کہا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر امت کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ اس شخص کا یہ قول بھی کہ آپ پر پیش کیا جاتا ہے اسے وہ کافر نہ ہوگا۔ مجالس الحق ص [illegible] وغیرہ۔

اگرچہ عرض اعمال کی حدیث صحیح اور حق ہے مگر اس سے یہ استدلال درست نہیں ہے کیونکہ اس لئے کہ وہ لوگ عرض اعمال کی حدیث کو جانتے تھے انہوں نے حضرات فقہاء کرام کی یہ عبارت ملاحظہ فرمائی ہیں کیونکہ حضرات فقہاء کرام تو یہ فرماتے ہیں کہ وہ شخص اس لئے کافر ہے کہ اس نے [illegible] نکاح میں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر تسلیم کیا ہے اور وہ قائل جو [illegible] نفوذ کی [illegible] کہتا ہے کہ [illegible] آپ کو حاضر تسلیم کرتے ہوں [illegible]

کرتے ہوئے حضرت یہ کہتے ہیں کہ نکاح کی بیعت نے مقام پر جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم تشریف فرما ہیں پیش کی گئی ہو تو اس وجہ العروس بالا بعد صلی یہ قاشدم لوگوں نعن
سے یہی وجہ ہے حضرات فقہاء حنفیہ ایسے شخص کو کافر کہتے ہیں اور یہ باتیں وہ کیا توجیہ
ہو حاضر نہیں مانتے اور پوری شرح وہ ی کے ساتھ اس کی تکفیر کیا کرتے ہیں وہ یہ آنحضرت صلعم
کرم نے اس عبارت میں ایسے شخص کی تکفیر ہے جو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہر جگہ حاضر و
ناظر ہونے کا قائل اور علم غیب کلی کا معتقد ہو اور اس دلیل کے قول سے ظاہر ہے یہی سمجھا جا سکتا ہے کہ
یہ شخص ہر مجلس نکاح میں آپ کو حاضر و ناظر سمجھتا ہے چونکہ ان حضرات فقہاء احناف کی عبارت میں
یعلم الغیب کے الفاظ موجود ہیں یعنی قائل یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سب غیب
جانتے ہیں اور الغیب اسم جنس یا مصدر ہے جو معرف باللام ہے جو عموم کا فائدہ دیتا ہے (شرح مقاصد
بحوالہ مشکل جلالین ص) اس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ واقعی ایسا شخص کافر ہے کیونکہ
نصوص کو نظر انداز کیا جاتا ہے اور ... جن کے خلاف ایک بھی معتبر قول
نقل اور ثابت نہیں پیش کی جا سکتی اور عرض اعمال کی حدیث سے صرف عرض اجمالی ثابت
ہے ... اس کی مزید بحث تسکین الصدور میں ملاحظہ کریں۔ اب البتہ تمام اہل اسلام
کا یہ عقیدہ ہے کہ بذریعہ وحی یا کشف و الہام اللہ تعالیٰ نے بعض مغیبات پر حضرات انبیاء عظام اور اولیاء کرام
علیہم الصلوٰۃ والسلام کو مطلع کر دیتا ہے اگر کوئی قائل ایسا ہے یا اس کا عقیدہ یہ ہو کہ ہمیشہ اور ہر
جگہ اور ہر مجلس نکاح میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضر و ناظر نہیں ہیں لیکن میرے اس جزوی
واقعہ میں آپ ... حاضر ہو گئے یا آپ کو اس کا علم عطا ہوا ہے تو گو یہ بات بھی بالکل
باطل اور بے دلیل ہے مگر اس صورت میں اس کی تکفیر میں تامل ہو سکتا ہے اور بعض نے تو یہی
ہے لیکن جو شخص یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ آپ ہر مجلس نکاح میں حاضر و ناظر ہیں اور آپ کو اس کا علم ہے تو اس کی
تکفیر میں حضرات فقہاء کرام کا کوئی اختلاف نہیں ہے اور اس جزوی طور پر حاضر ہونے اور کلی طور پر ہر ایک جگہ
میں حاضر و ناظر ہونے میں زمین و آسمان کا فرق ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔ عرض اعمال کی حدیث کی مزید تشریح

اور بہت سے معائب ہیں دیکھئے۔

پانچواں اعتراض: کہ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے ایسے شخص کی تکفیر کی ہے جو یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذاتی طور پر عالم الغیب اور مختار کل ہیں اور ہم لوگ تو عطائی طور پر آپ کو بلکہ دیگر حضرات انبیاء علیہم السلام اور جملہ اولیاء علیہم الرحمۃ کو عالم الغیب اور حاضر و ناظر مانتے ہیں اور چونکہ عطائی طور پر ان صفات کے غیر اللہ میں تسلیم کرنے سے صفات خداوندی میں شرکت لازم نہیں آتی کیونکہ خداوند تعالیٰ کی یہ صفات ذاتی ہیں اس لئے یہ شرک نہیں ہے۔ دیکھئے جاء الحق [illegible]

جواب: یہ محض تلبیس اور دھوکہ ہے اس لئے کہ جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کا وجود مسعود اور نبوت و رسالت وغیرہ وہبی اور عطائی ہے تو ان کو کیسے تام کیا جا سکتا ہے کہ ان کی علم سمع و بصر وغیرہ کی کوئی صفت ذاتی بھی ہو سکتی ہے کیونکہ جب موصوف عطائی ہے تو اس کی صفت کیسے ذاتی ہوئی یہ تو ممنوع کیا جب اس کا احتمال ہی پیدا نہیں ہو سکتا تو پھر یہ ذاتی اور عطائی کا تقسیم کرنا ہی بیکار اور باطل ہے۔ ثانیاً اگر کوئی شخص یہ کہے کہ آپ [illegible] ذاتی طور پر [illegible] اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اور دیگر لوگوں کو بھی عطائی طور پر [illegible] خالق [illegible] تو کیا ایسا شخص مسلمان رہے گا؟ [illegible] کی دلیل ہے؟ اگر وہ [illegible] نہیں [illegible] تو فرمائیے کہ ان کی عبارت سے یہ مطلب لینے کا کیا جواز آپ میں ہے [illegible] تسلیم نہیں کیا پھر ان کا فرق کیسے [illegible] ہو سکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بالاستقلال [illegible] مگر کوئی دوسرا شخص جیسے مرزا غلام احمد قادیانی جو ظلی نبوت کا مدعی [illegible] کی نبوت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی [illegible] تو کیا ایسا شخص مسلمان رہ سکتا ہے [illegible] تو آپ کا عالم الغیب [illegible] کیسے ہوگی [illegible] اللہ تعالیٰ کی صفات کے دو پہلو ہیں [illegible] ذاتی [illegible] تفصیلی [illegible] اور [illegible] یقیناً شرک ہے [illegible] مانتے ہیں مگر کلی [illegible] تسلیم کرتے ہیں جو نصوص قطعیہ کے صریح مخالف اور

بجائے خود شرک ہے۔ اور رابعاً حضرات علماءِ عرب بھی تو مطلق طور پر کسی بت، اصنام اور معبودوں کیلئے یہ صفت تسلیم کرتے تھے تو وہ مشرک اور کافر کیوں قرار دیئے گئے پھر کسی ایسا ہی دعویٰ کرنے والا کیونکر کفر سے بچ سکتا ہے؟ اس کی مزید تحقیق راقم الحروف کی کتاب گلدستۂ توحید اور ازالۃ الریب وغیرہ میں دیکھئے

چھٹا اعتراض: کہ حضرات فقہاء کرامؒ نے ایسے مدعیٔ علم غیب کی تکفیر کی ہے جس کے پاس دلیل نہ ہو اور علم غیب کے مستند کی دلیل ہو تو وہ ماعدا دلیل قطعیہ کے تحت داخل نہیں تب ایسا شخص کافر نہ ہوگا۔

جواب: یہ اعتراض بھی حسبِ معمول بے وزن ہے۔ اولاً اس لئے کہ حضرات فقہاء کرامؒ کی نظر بصیرت بڑی اندر رس ہوتی ہے۔ وہ مسئلہ کے ہر پہلو پر غور کرکے کسی حکم شرعی اور قیود و حدود کو بیان کرکے ذرہ نوازی کر کے فتویٰ صادر فرماتے ہیں اور اس مقام پر یہ قید بقول حضرات فقہاء کرامؒ نے بیان نہیں فرمائی۔ ثانیاً اگر یہ کسی مجلس نکاح میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر تسلیم کرنا یہ دعویٰ کرنا کہ آپ کو اس کا علم ہے یہ بھی تو وہی بات ہے جو ماعدا دلیل قطعیہ کا مصداق ہے اور اس پر کوئی قطعی دلیل موجود نہیں ہے کیا قرآن کریم یا حدیث متواتر یا اجماعِ امت میں کوئی ایسی دلیل موجود ہے جس سے یہ ثابت ہو کہ آپ ہر مجلس نکاح میں حاضر و ناظر ہوتے ہیں اور ہر منعقد نکاح کا آپ کو علم ہوتا ہے یا کم از کم خبرِ واحد صحیح ہی ہو جس سے ظن کا افادہ ہو مگر اس پر دلیل نہیں اور یقیناً نہیں تو معاملہ صاف ہے اور وہ الزام ہے تو اللہ بسم اللہ۔ لائیے ہم منتظر رہیں گے ہیہات ہیہات۔

فریق مخالف سے مطالبہ: ہم فریق مخالف کو دعوتِ فکر دیتے ہیں اور یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ مسلّم حضرات فقہاء امت کی دو شہادتیں نہ سہی صرف ایک ہی شہادت اور حوالہ پیش کرے کہ جو شخص آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہر مجلس نکاح میں حاضر و ناظر تسلیم نہیں کرتا یا جو یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ آپ کو ہر مجلس نکاح کا علم نہیں ہے اور یا جو شخص یہ کہتا ہے کہ آپ ہر جگہ حاضر و ناظر نہیں ہیں اور آپ کو علم غیب کلی حاصل نہیں تو وہ شخص کافر ہے۔ فریق مخالف کی پوری جماعت کو تا قیامت مہلت ہے اور ایڑی سے چوٹی تک کا زور لگا کر وہ یہ مطالبہ پورا کر سکے۔ ہے کوئی مرد میدان؟ ویدہ باید۔ مفتی احمد یار خان صاحب سے جب

یہ بچوں میں سکا تو گفتگو خلاصی کرنے کی یہ تجویز کی کہ درمختار ج ۳ باب المرتد میں بحث کرتے ہوئے یہیں ہے شامی۔ یا حاضر یا ناظر لیس بکفر۔ نیز اے حاضر اے ناظر کہنا کفر نہیں ہے" (دیوبندی مذہب ص ۱۴) مگر مفتی صاحب نے اس پر مطلقاً غور نہ کیا کہ یہ لفظ حاضر و ناظر میں نہیں ہے بلکہ اس کے مفہوم اور معنی میں ہے۔ اشتراک لفظی سے مسائل حضرت مفتی احمد یار خان صاحب جی کو دیتے مفتی صاحب ہی فرمائیں کہ کیا انسان کو سمیع اور بصیر کہنا کفر ہے؟ یہی کہیں گے کہ ہرگز نہیں اس لئے کہ قرآن کریم میں انسان کے لئے یہ صفت آئی ہے۔ انسان کی حقیقت کے بارے میں ارشاد ہوتا ہے۔

فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا (پ ۲۹ دہر) ہم نے انسان کو سمیع اور بصیر بنایا

ہاں اگر اس سے مراد یہ لی جائے کہ انسان ہر چیز کو دیکھتا اور سنتا ہے تو یہ نہ صرف ناجائز ہوگا بلکہ کفر ہوگا تو اختلاف استعمال لفظ میں نہیں بلکہ مفہوم اور معنی میں ہوا۔ اسی طرح حفیظ و علیم۔ رب اور ملک وغیرہ کے الفاظ انسان پر اطلاق کئے گئے ہیں اور اس معنی میں انسان پر یہ الفاظ استعمال کرنے ناجائز نہیں ہیں لیکن اگر ان الفاظ کو وہ معنی اور مفہوم دیا جائے جو خدا تعالیٰ کے شایان شان ہے تو یقیناً باطل ہوگا۔ جیسے لفظ رسول کا اطلاق لغوی اعتبار سے غیر نبی پر بھی ہوا ہے جیسے کہ بچے دو قاصدوں پر رسولا مسیلمۃ کا اطلاق ہوا ہے مگر یہ شرعی رسول کا مفہوم کسی اور میں نہیں پایا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کو سمجھ عطا فرمائے۔ گو یہ مفتی صاحب تو نہیں کر رہے

نہ ہر کہ موئے برافروخت دلبری داند

مفتی صاحب نے تو یہ کہا مگر مولوی سید احمد صاحب کاظمی لکھتے ہیں شامی ج ۳ ص ۳۲۰ ویا حاضر ویا ناظر لیس بکفر صاحب درمختار فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو یا حاضر و ناظر کہنا کفر نہیں۔ اس پر علامہ شامیؒ رقمطراز ہیں۔

فانہ لیس بکفر فان الحضور بمعنی العلم شائع أی قریب والنظر بمعنی الرؤیۃ

(بلفظہ ملتقطاً حاشیہ تسکین الخواطر ص ۳۱)

کہ حضور علم کے معنی میں عام طور پر مستعمل ہے اور نظر رؤیت کے معنی میں مستعمل ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت ہے۔

اس عبارت کا مفاد بھی کچھ اور ہے جو کسی صاحب کے مطلب سے [illegible]

بدعت کو سمجھ عطا فرمائے۔

نوٹ:- سنی شیعہ دیوبندی وہابی [illegible]

متوسلین اور شارع و مذہب میں ہے [illegible] جماعت

ما مدہ عوام اور سادہ لوح حضرات کی تعلیمی تسکین کا سامان [illegible] ہو سکے مگر اہل علم و سمجھدار انسان

کے نزدیک پسے ہوئے پر کاہ کا وزن بھی نہیں رکھتے [illegible]

اس غلط عقیدہ کا رد ان سے اظہار ہی ہو [illegible]

اس چمن میں پیرو بلبل ہو یا تلمیذ گل [illegible]

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خوب [illegible]

نقش قدم پر چلو گے، دیکھا دال صحیح [illegible] عیسائیوں کا [illegible]

رکھتے ہیں کہ وہ ہر جگہ حاضر موجود ہے [illegible] کتاب [illegible]

عماد الدین صاحب لکھتے ہیں یعنی یسوع مسیح ہر جگہ حاضر و ناظر ہے [illegible]

عیسائیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ جیسے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ [illegible]

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام حاضر ہوتے ہیں [illegible]

میرے نام پر اکٹھے ہیں وہاں میں ان کے بیچ میں [illegible]

جاہل کلمہ گو مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ جہاں آپ کا ذکر پاک یا نام مبارک [illegible] مجلس میلاد اور محفل

ولادت ہوتی ہے وہاں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضر و ناظر ہوتے ہیں [illegible]

کیا کسر باقی رہ جاتی ہے [illegible] برائے نام محمدی اور عیسائی [illegible]

تا کس نگوید بعد ازاں من دیگرم تو دیگری

یہاں تک جو بحث ہوئی وہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حاضر و ناظر ہونے کی تھی

اب آپ حضرت غوث پاک [illegible] کی زبانی [illegible] متعلق بھی بعض [illegible] سن لیجئے

تاکہ مسئلہ زیر بحث کا یہ پہلو بھی تشنہ نہ رہے علامہ زین بن نجیم لکھتے ہیں کہ

قال علماؤنا من قال ارواح المشائخ حاضرۃ تعلم یکفر۔
(بحر الرائق ج ۵ ص ۱۲۴)

ہمارے حضرات علماء احناف نے فرمایا ہے کہ جو شخص یہ کہے کہ بزرگوں کی روحیں حاضر ہیں اور وہ جانتی ہیں تو ایسا شخص کافر ہے۔

اور اسی سے ملتی جلتی عبارت فقہ حنفی کی دیگر معتبر اور مستند کتابوں میں مذکور ہے۔

حضرت آپ نے ملاحظہ کر لیا کہ ہمارے اکابر حضرات علماء احناف کثر اللہ تعالیٰ جماعتہم اجمعین کا یہی دینی عقیدہ چلا آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ساری مخلوق سے زیادہ علوم و معارف و حقائق و اسرار گزشتہ اور آئندہ واقعات سے متعلق بے شمار غیب کی خبریں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمائی ہیں جتنے کہ نہ تو کوئی نبی مرسل ان علوم میں آپ کا شریک ہو سکتا ہے اور نہ کوئی فرشتہ مقرب۔ یہ فرماتے ہیں کہ ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا اور عالم الغیب والشہادۃ اور جمیع ما کان وما یکون کا عالم ہونا صرف ذات خداوندی کا خاصہ ہے۔ اور یہ عقیدہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق بھی رکھنا خالص کفر ہے بدیگراں چہ رسد۔ خدا نخواستہ تو آپ کی مانند آج تک کوئی پیدا ہوا نہ ہوگا کیا خوب کہا گیا ہے کہ ؎

زیبا مصطفیٰ ہے وہ آئینہ کہ اب ایسا دوسرا آئینہ
نہ ہماری بزم خیال میں نہ دکان آئینہ ساز میں

فتاویٰ مسعودی مطبوعہ ... مفتی محمد مسعود شاہ صاحب نقشبندی دہلوی (کا ترتیب) بریلوی المسلک پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب جس پر تقریظ مولوی عبد الحکیم شرف قادری بریلوی و مولوی محمد منشا تابش قصوری بریلوی نے کی ہیں ایک سوال کے جواب میں ہے "کلمہ واسطے جو کہا یا رسول اللہ کسی وقت سونے اور نشست اور برخاست وغیرہ کے وقت صحیح ہے لیکن بہ نیت حاضر و ناظر سمجھ کر شرک ہے ہر جگہ صفت اللہ ذات خاص واسطے خدا کے ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے نحن اقرب الیہ من حبل الورید یہ صفت حضوری کی صفت میں ہے اور اللہ تعالیٰ کی صفات میں دوسرے کو شریک کرنا شرک ہے۔ الخ

چوتھا باب

اس باب میں فریق مخالف کی طرف سے پیش کردہ نقلی اور عقلی استدلالات کے جوابات عرض کئے جاتے ہیں۔ قارئین کرام سے ملتمس ہیں کہ مستدلات جواب کردہ مقامات اور تمہیدی گذارشات کے ساتھ مختلف ذہن سے اس بحث پر غور و فکر کریں تاکہ آپ کو فریق جماعت کے مغالطات یا ناجائز استدلالات کی حقیقت بھی معلوم ہو جائے۔

فریقِ مخالف کا پہلا استدلال اور اس کا پس منظر

مخالفین نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حاضر و ناظر ہونے پر لفظ شاہد اور شہید سے استدلال کیا ہے۔ ذیل کی آیات پر ایک نگاہ ڈالیے پھر فریق مخالف کے استدلال کی تشریح سنئے۔

(۱) سورہ مزمل میں ارشاد ربانی یوں ہے:

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا

ہم نے بھیجا تمہاری طرف رسول گواہی دینے والا تمہارے اوپر جیسا کہ ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجا۔

(۲) سورۂ بقرہ میں ارشاد ہوتا ہے:

وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِّتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا (پ ۲ بقرہ رکوع ۱)

اسی طرح کیا ہم نے تم کو امت بہتر تاکہ ہو تم گواہ لوگوں پر اور ہو رسول تم پر گواہی دینے والا

(۳) سورۂ احزاب میں ارشاد ربانی یوں ہے:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا (پ ۲۲ احزاب رکوع ۶)

اے نبی ہم نے تجھ کو بھیجا ہے گواہی دینے والا اور خوش خبری سنانے والا

(۴) سورۂ نساء میں ارشاد ہوتا ہے:

فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا۔ (پ ۵۔ نساء ۔ رکوع ۳)

پھر کیا حال ہوگا جب بلائیں گے ہم ہر امت میں سے گواہی دینے والا اور بلائیں گے تجھ کو ان لوگوں پر گواہی دینے والا

(۵) سورۂ حج میں یوں ارشاد ہوتا ہے:

لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ۔ (پ ۱۷ ۔ حج ۔ رکوع ۱۰)

تاکہ رسول ہو گواہی دینے والا تمہارے اوپر اور تم ہو گواہی دینے والے لوگوں پر

یہ آیات کریمات آپ ملاحظہ فرمائیے ہیں، اب فریق مخالف کا ان سے استدلال اور احتجاج بھی ملاحظہ فرمائیے۔ مخالفین کہتے ہیں کہ ان آیات میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت شاہد اور شہید بیان کی گئی ہے اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی امت پر گواہی دیں گے۔ اگر آپ ہر ہر امتی کے حال سے واقف اور آگاہ نہیں اور اگر آپ ہر جگہ حاضر و ناظر اور عالم جمیع ماکان ومایکون یعنی ہر ہر چیز کے جاننے والے کہ جو چیزیں دنیا میں پہلے ہوئیں اور قیامت تک جو آئندہ ہوں گی نہیں تو آپ گواہ کیسے بنے؟ جب آپ گواہ ٹھہرے تو حاضر و ناظر ہوئے اور غیب پر مطلع ہوئے۔ (دیکھئے جاء الحق ص ۱۳۳ وغیرہ)۔

جواب:- اس سے قبل کہ ہم استدلال کے تحقیقی اور الزامی جوابات عرض کریں، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ چند بنیادی اور اصولی باتیں عرض کر دیں تاکہ مقصد آسانی سے سمجھ میں آ سکے۔

(۱) قرآن کریم آسمان دنیا سے ایک ہی دفعہ نازل نہیں ہوا بلکہ ضرورت و مصلحت کے مطابق تھوڑا تھوڑا نازل ہوتا رہا ہے۔ مکہ مکرمہ (یعنی غار حرا) میں اس کے نزول کی ابتداء ہوئی اور پھر ہوتے ہوتے آپ کے پورے زمانہ نبوت (یعنی تیئیس ۲۳ برس) میں یہ مکمل ہوا۔ اس میں تو اختلاف ہے ورنہ اختلاف کی گنجائش نہیں۔

(۲) قرآن کریم کی موجودہ ترتیب نزول کی ترتیب نہیں ہے کیونکہ قرآن کریم کی سب سے پہلے جو

حالانکہ یہ آیات جس سورۃ میں ہیں ... ﴿اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ﴾ ... آیات نازل ہوں
مدونہ میں وہ سورت ... کے آخری پارے میں ہے اور سب کے آخر میں جو سورت نازل ہوئی ہے وہ سورۃ
توبہ ہے جو تقریباً دسویں پارے کے وسط سے شروع ہو کر گیارہویں پارے میں ختم ہوتی ہے۔

(۳) قرآن کریم کی جو سورتیں مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی ہیں ان کی ترتیب یہ ہے سورۃ بقرہ، انفال، آل عمران، احزاب، ممتحنہ، نساء، اذا زلزلت، حدید، قتال، رعد، رحمن، طلاق، لم یکن، حشر، اذا جاء نصر اللہ، نور، حج، منافقون، مجادلہ، حجرات، تحریم، جمعہ، تغابن، صف، فتح، مائدہ، اور سورۃ توبہ علی الترتیب نازل ہوئی ہیں۔ بحوالہ تفسیر اتقان علامہ جلال الدین سیوطیؒ (ج ۱ ص ۱۱ اردو)۔

(۴) اس بحث کے ساتھ ایک کڑی یہ بھی ملا لیجئے کہ قرآن کریم کی سب سے آخر میں جو سورت نازل ہوئی ہے وہ سورۃ توبہ ہے چنانچہ بخاری ج ۲ ص ۶۲۳ اور مسلم ج ۲ ص ۳۳۵ میں حضرت براءؓ بن عازبؓ سے اور مستدرک ج ۲ ص ۲۲۱ میں، جس کی تصحیح پر امام حاکمؒ اور علامہ ذہبیؒ دونوں متفق ہیں، حضرت عثمانؓ بن عفان سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ:۔

آخر سورة انزلت ... سورة التوبة — سب سے آخر میں قرآن کریم کی جو مکمل سورت نازل ہوئی ہے وہ سورۃ توبہ ہے۔ (رواہ مسلم ج ۲ ص ۳۳۵)

لیکن اس کی صرف دو آیتیں ﴿مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ﴾ الآیتین مکی ہیں (تفسیر اتقان ج ۱ ص ۱۷) اور دو باتیں ہم پہلے عرض کر چکے ہیں، ایک یہ کہ اگر قرآن کریم کی کسی آیت کا ایسا مطلب بیان کیا جائے، جس کی تردید دوسری آیات اور خصوصاً بعد کو نازل ہونے والی سورتوں اور آیتوں سے ثابت ہو تو ایسا مطلب اور معنی یقیناً مردود ہوگا اور دوسری یہ کہ جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بسند صحیح کسی آیت کی تفسیر مروی ہو اور اس کے مقابلہ میں کسی مفسر کی دلیل بے جوڑ ہو تو اس روایت کی اصول شرعیہ کو ملحوظ رکھتے ہوئے کوئی مناسب تاویل کرلی جائے گی جس سے وہ تفسیر قرآن کریم اور حدیث شریف کے مخالف نہ ہو اور اگر تاویل نہ ہو سکے تو وہ اس کا مصداق ہوگی کہ ... [illegible]

ناظرین کرام! اس اصول بحث کے بعد مکمل طور سے اُمور ذیل پر نگاہ ڈالیے۔ سورۂ مزمل مکہ مکرمہ میں نازل ہوچکی تھی جس میں شاہد کا لفظ موجود ہے۔ اور سورۂ بقرہ، سورۂ احزاب، نساء، حج گرچہ مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی تھیں لیکن سورۂ منافقون، تحریم، توبہ وغیرہ مذکورہ بالا سورتوں کے بعد نازل ہوئی ہیں۔ اگر شاہد اور شہید سے مراد وہی ہو جیسا کہ فریق مخالف کا بے بنیاد دعویٰ ہے یعنی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا تو جو سورتیں ان سورتوں کے (جن میں شاہد و شہید کے الفاظ موجود ہیں) بعد میں نازل ہوئی ہیں وہ اس دعویٰ کی تردید کیا کرتی ہیں؟ اور آپ پوری تفصیل سے پڑھیں گے کہ ان سورتوں کے بعد نازل ہونے والی سورتیں اس دعویٰ کی صراحت سے تردید کرتی ہیں۔ چونکہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اسکا کلام ہے اس میں تعارض اور اختلاف وجود کیا احتمال بھی پیدا نہیں ہوسکتا اس لئے فریق مخالف کے اس دعویٰ کو تسلیم کرنے سے قرآن کریم کی سورتوں کا آپس میں اختلاف اور تعارض پیدا ہوجاتا ہے اور یہ مطلب قطعاً قرآن کریم کا نہیں ہوسکتا اور یقیناً یہ معنی اور مطلب بے بنیاد ہوگا جو مردود اور باطل ہے۔ اب آپ ملاحظہ فرمائیے کہ تعارض کس طرح لازم آتا ہے اور اختلاف کس طرح پیدا ہوتا ہے؟

سورۂ منافقون جو سورۂ مزمل، بقرہ، احزاب، نساء، حج کے بعد نازل ہوئی ہے جن میں شاہد اور شہید کا لفظ موجود ہے جس سے مخالفین اپنا کام چلاتے ہیں۔ اس کا شان نزول بخاری ج ۲ صفحہ ۷۲۷ اور مستدرک ج ۲ صفحہ ۴۸۸ میں یوں آتا ہے کہ حضرت زید بن ارقمؓ نے روایت کی کہ ہم ایک غزوہ میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تشریف لے گئے (یہ غزوہ حضرت امام نسائیؒ وغیرہ کی تصریح سے غزوۂ تبوک تھا اور حضرت جابرؓ فرماتے تھے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غزوات میں سب سے آخری یہی غزوہ تبوک تھا مستدرک ج ۲ صفحہ ۴۸۸)۔ اس سفر میں میں نے عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین کو یہ کہتے سنا کہ جب ہم مدینہ کو واپس چلے جائیں گے تو ہم اہل عزت لوگ (یعنی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے حضرات صحابہ کرامؓ العیاذ باللہ تعالیٰ) کو مدینہ سے ذلیل اور خوار کرکے نکال دیں گے۔ نیز خود سرکار دو عالم کو کشاں کشاں لئے پھرتے ہیں حضرت زیدؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے چچا کو یہ بات سنائی

نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کہہ دیا چنانچہ آپ نے مجھے طلب کیا میں نے سارا قصہ سنا دیا آپ نے رئیس المنافقین کو طلب فرمایا آپ نے سوال کیا کیا تم نے یہ باتیں کی ہیں؟ اس نے قسم اور حلف اٹھا کر کہا خدا کی قسم میں نے تو کچھ بھی نہیں کہا حضرت آپ خود سوچئے کہ میں بھلا ایسی باتیں کہہ سکتا ہوں؟ آپ کا خاک پا اور ایسی قسم کی باتیں! توبہ توبہ ع

یہ ساری بیچ والوں کی شرارت ہے

اس کے بعد حضرت زید بن ارقم کے الفاظ بھی سن لیجئے۔

فکذبنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصدقہ فاصابنی ھم لم یصبنی مثلہ قط (بخاری)

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے جھوٹا قرار دیا اور عبد اللہ بن ابی کو سچا تسلیم کر لیا اس پر مجھے اتنی پریشانی اور غم لاحق ہوا جو اس سے پہلے کبھی لاحق نہیں ہوا تھا۔

حضرت زید فرماتے ہیں کہ میرے چچا نے مجھے ملامت کیا میں اتنا شرمندہ ہوا کہ گھر سے باہر نکلنے کی تاب بھی اپنے اندر محسوس نہ کر سکتا تھا۔ اس کے بعد قرآن کریم کی پوری سورت نازل ہوئی اور اس میں منافقوں کی جھوٹی قسموں پر اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو مطلع کیا اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زید بن ارقم کو بلا کر فرمایا کہ تم سچے ہو اور منافقین جھوٹے ہیں اور فرمایا:

ان اللہ قد صدقک یا زید

اے زید اللہ تعالیٰ نے تجھے سچا قرار دیا ہے۔

اور قرآن کریم کے بعض الفاظ بھی ملاحظہ فرمائیے۔

اذا جاءک المنافقون قالوا نشھد انک لرسول اللہ واللہ یعلم انک لرسولہ واللہ یشھد ان المنافقین لکاذبون اتخذوا ایمانھم جنۃ (پ ۲۸ منافقون رکوع ۱)

جب آپ کے پاس یہ منافقین آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ بیشک اللہ کے رسول ہیں اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافقین جھوٹے ہیں۔ ان لوگوں نے اپنی قسموں کو ڈھال اور سپر بنا رکھا ہے

اگر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضر و ناظر ہوتے تو آپ یقیناً عبد اللہ بن ابی رئیس المنافقین کی بے ہودہ باتیں سن لیتے کیونکہ مخالفین کے قول کے مطابق آپ ہر جگہ حاضر و ناظر تھے شاہد و شہید تھے ہم

معلوم ہوتا ہے کہ فقیر نے ایک سچے کو جھوٹا کیوں کہا اور جھوٹے منافق کو کیوں سچا قرار دیا؟ کیا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی دیدہ و دانستہ حاضر و ناظر اور عالم جمیع ما کان و ما یکون ہونے کے باوجود سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا قرار دیا کرتے تھے؟ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ اور ان بریلوی حاضر ناظرین رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جواب تو ارشاد فرمانا چاہیئے بینوا توجروا۔

مفتی احمد یار خان صاحب لکھتے ہیں کہ حضرت زید بن ارقم کی تصدیق نہ فرمانے سے لازم نہیں آتا کہ آپ کو اصل واقعہ کا علم نہیں تھا بلکہ مقصد یہ تھا کہ شہادت سے کیا تو مدعی گواہ پیش کرے ورنہ مدعا علیہ قسم کھائے تو مقدمہ جیت جائے گا کیونکہ قاضی کا فیصلہ شہادت پر ہی یا مدعا علیہ کی قسم پر ہوتا ہے نہ کہ قاضی کے ذاتی علم پر (جاء الحق ص...) مگر یہ جواب سراسر مردود ہے اس لئے کہ بے شک قاضی بلا ثبوت یا حلف فیصلہ نہیں کر سکتا مگر اس کو شرعاً یہ بھی تو حق حاصل نہیں کہ ذاتی علم کے ہوتے ہوئے سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا قرار دے اور پھر اس سے ناراض بھی ہو جائے۔ بخاری ج ۲ ص ۷۲۸ ہی میں یہ روایت مذکور ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زیدؓ کو جھوٹا تصور فرمایا اور ان سے ناراض بھی ہو گئے۔ یہ کیا عجیب منطق ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رفیع اور بلند ذات کی طرف یہ بات منسوب کی جائے کہ آپ نے سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا قرار دیا۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ پھر مفتی صاحب جو یہ لکھتے ہیں کہ کذبنی کے معنی ہیں کہ میری بات نہ مانی یہ معنی نہیں کہ مجھ کو جھوٹا فرمایا کیونکہ جھوٹا فاسق ہوتا ہے اور صحابی سب عادل ہیں (جاء الحق ص ۱۵۴) تو یہ بھی باطل ہے۔ اوّلاً اس لئے کہ کذبنی کا یہ معنی کہ میری بات نہ مانی خلاف محاورہ ہے۔ اس کا صحیح معنی یہی ہے کہ مجھے جھوٹا قرار دیا۔ و ثانیاً اگر مفتی صاحب کا یہ معنی صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تو سوال یہ پیدا ہوگا کہ آپ نے حضرت زیدؓ کی بات باوجود سچی ہونے کے کیوں نہ مانی؟ و ثالثاً بے شک حضرات صحابہ کرامؓ عادل ہیں مگر غیر معصوم ہیں۔ بنا بریں کسی کی تکذیب کرنے سے اس کا نفس الامر میں جھوٹا ہونا لازم نہیں آتا۔ چونکہ حضرت زیدؓ نفس الامر میں سچے تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کی تصدیق نازل فرمائی اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رائے مبارک کی غلطی ظاہر کر دی۔

اس سلسلہ میں محدث کے پیش نظر یہ عرض کرنا ہے کہ اگر عدد شاہد اور شہید سے وہی مراد ہوتی جس کو خان صاحب بیان کرتے ہیں یعنی حاضر و ناظر تو جن سورتوں میں اس صفت کا ذکر ہے ان سب سے سورۃ منافقین بھی کو اس پہلو سے جس سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حاضر و ناظر ہونے کی تردید ہوتی ہے اور یہ محال ہے کہ قرآن کریم کی کوئی ایک آیت دوسری آیت کی اور ایک سورت دوسری سورت کی تردید کرے ورنہ ان کی سورتوں کا اس طرح آپس میں اختلاف اور تناقض واقع ہو جائے گا۔ لہذا شاہد اور شہید سے حاضر و ناظر کا مراد لینا قرآن کریم کے سراسر خلاف ہے۔ دوسرے سورۃ تحریم کا شان نزول صحیح بخاری ج [illegible] ص [illegible] اور مسلم ج [illegible] ص [illegible] وغیرہ میں اس طرح بیان ہوا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ام المومنین حضرت زینبؓ کے پاس کہیں سے شہد آگیا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خلاف معمول حضرت زینبؓ کے پاس شہد نوش کرنے کے سلسلہ میں دیر ہو جایا کرتی تھی۔ حضرت عائشہؓ اور حضرت حفصہؓ کو مقتضائے بشریت یہ چیز ناگوار گزری کہ آپ زیادہ وقت کسی اور کے پاس ٹھہریں۔ آپس میں خفیہ میٹنگ اور مشورہ کیا کہ کسی حیلہ و بہانہ سے آپ کا حضرت زینبؓ کے پاس بکثرت [illegible] بند کرانا چاہیے۔ اگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت عائشہؓ کے پاس آئے تو وہ کہے کہ آپ نے مغافیر کھایا ہے ایک قسم کی گوند کی بو آتی ہے اور اگر آپ حضرت حفصہؓ کے پاس آئیں تو وہ یہ بات کہے۔ سازش مکمل ہو گئی اور آپ جب تشریف لائے تو یہ بات کہہ دی گئی آنحضرت نے فرمایا میں نے اور تو کوئی چیز کھائی نہیں البتہ زینبؓ کے ہاں شہد کھاتا رہا۔ اب خیر سے لازم ہے کہ آئندہ شہد استعمال نہ کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے ایک خاص لہجہ میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تنبیہ فرمائی اور حجبہ کا ورد فرمایا کہ آپ نے [illegible] اللہ کی حلال چیز کو استعمال کیجئے چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا۔ قرآن کریم کے بعض الفاظ ملاحظہ کیجئے۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ ۖ تَبْتَغِي مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ (التحریم پ ۲۸ ع ۱۹) — اے نبی تو کیوں حرام کرتا ہے جو حلال کیا اللہ نے تجھ پر تو چاہتا ہے رضامندی اپنی عورتوں کی

اس مقام پر بحث کو بھی پیش نظر رکھئے اور مفتی احمد یار خاں صاحب کے اس مغالطہ کو بھی

دیکھئے کہ یہ جو امر فرمایا آپ کی بے خبری سے نہیں بلکہ ان حضرات ازواج کی خیال کے مطابق ہے (جاء الحق صفحہ ۱۴۳)
سبحان اللہ تعالیٰ کیا ہی مفتیانہ جواب۔ اس واقعہ کے ساتھ اسی نوعیت کا ایک اور واقعہ بھی ملاحظہ فرما لیجئے۔

واقعہ یوں ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ازواج مطہرات میں سے کسی ایک سے کوئی مخفی بات ذکر کی اور فرمایا کہ یہ کسی کو نہ بتلانا۔ انہوں نے غلطی یہ کی کہ آپ کے راز کی بات بتلا دی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس سے آگاہ کر دیا۔ وہ فرمانے لگیں آپ کو یہ معاملہ کس نے بتلایا ہے کہ میں نے یہ بات ظاہر کر دی ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے اس اللہ نے خبر دی ہے جو علیم اور خبیر ہے۔ قرآن کریم کے الفاظ بھی دیکھ لیجئے:

وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَىٰ بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهِ وَأَظْهَرَهُ اللَّهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهُ وَأَعْرَضَ عَن بَعْضٍ فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِ قَالَتْ مَنْ أَنبَأَكَ هَٰذَا قَالَ نَبَّأَنِيَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ

(پ۲۸۔ تحریم۔ رکوع ۱)

اور جب چھپا کر کہی نبی نے اپنی کسی بی بی سے کوئی بات پھر جب اس نے خبر کر دی اس کی اور اللہ نے جتا دیا نبی کو تو نبی نے اس میں سے کچھ اسے جتا دی اور کوئی حصہ بیان نہ کیا۔ پھر جب نبی نے اس بی بی کو یہ جتایا تو وہ کہنے لگی آپ کو کس نے بتایا؟ نبی نے کہا مجھے اللہ علیم و خبیر نے آگاہ کر دیا ہے۔

پہلے واقعہ (یا حفصہ) سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گھر یعنی حضرات ازواج مطہرات کا بھی یہ عقیدہ نہ تھا کہ جناب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر وقت اور ہر جگہ حاضر و ناظر اور موجود ہوتے ہیں کیونکہ ان کا اگر یہ عقیدہ ہوتا کہ آپ ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں تو اس خفیہ سازش اور مخفی میٹنگ کا کیا معنی اور

ف اس آیت سے یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَىٰ بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا الآیۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول اور ارشاد پر لفظ حدیث کا قرآن کریم میں اطلاق ہوا ہے۔ اس منکرین حدیث کا یہ دعویٰ کہ حدیث صرف قرآن ہی ہے باطل ہے کیونکہ لفظ حدیث کا عمومی طور پر قرآن کریم پر ہی اطلاق ہوا ہے مگر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان اور ارشاد پر بھی قرآن کریم میں یہ لفظ بولا گیا ہے۔

مطلب تھی ورنہ جیسے آپ کی موجودگی میں اور آپ کے سامنے تو وہ کرنے کی دعوتوں سے جرأت نہیں کی پس پشت اور غائبانہ بھی ان طرفات تکمیل کی ضرورت محسوس نہ ہوتی۔ اسی طرح دوسرا واقعہ تو نص قطعی ہے کہ ازواج مطہرات کا ہرگز یہ عقیدہ نہ تھا کہ آپ ہر جگہ موجود اور حاضر و ناظر ہیں اور آپ ہر بات بعینہٖ نفس سن لیتے ہیں جیسا کہ آج کل بریلوی دوستوں کا خیال ہے۔ اگر حضرات ازواج مطہرات کا یہ عقیدہ ہوتا تو آپ کی زوجہ مطہرہؓ کے اس سوال کا کیا معنی ہے۔ قَالَتْ مَنْ اَنْبَاَکَ هٰذَا۔ یعنی زوجہ مطہرہؓ نے کہا کہ آپ کو کس نے یہ اطلاع دی ہے؟ اور اس کے جواب میں آپ یہ فرماتے ہیں کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے خبر دی ہے۔ اگر لفظ شاہد اور شہید کا وہی معنی ہوتا جو فریق مخالف کا ایجاد کردہ ہے یعنی حاضر و ناظر تو حضرات ازواج مطہرات کو جن کو خصوصیت سے اللہ تعالیٰ کا یہ حکم ہو چکا ہے کہ:۔

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ (الاحزاب ع ۴)

اور یاد کرو جو پڑھی جاتی ہیں تمہارے گھروں میں اللہ کی آیتیں۔

(۴) اسی طرح قرآن کریم میں متعدد مقامات پر یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اے کافرو کے الفاظ موجود ہیں اور حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی وہ تقریریں بھی قرآن کریم میں موجود ہیں جن میں انہوں نے بھی اپنی قوموں کو خطاب کرتے ہوئے یا قوم (اے میری قوم) سے تعبیر کیا ہے۔ کیا ہامان، فرعون، یہود و نصاریٰ اور جملہ مشرکین و کفار جن کو حرف یا سے خطاب ہے فریق مخالف کے نزدیک حاضر و ناظر ہیں کیا بعید ہے کہ ان کے نزدیک شیطان کی طرح یہ بھی حاضر و ناظر ہوں۔ اگر آپ کہیں کہ چونکہ ان قوموں کو خطاب تو اس وقت ہوا جب وہ موجود تھیں اب لوگ اس کی حکایت کرتے ہیں تو جواب یہ ہے کہ اسی طرح آپ یا رسول اللہ کو سمجھئے کہ حضرات صحابہ کرام آپ کی موجودگی میں یہ ادا کرتے تھے اور ہم اس کی حکایت کرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ یہ بھی تو ملحوظ رکھئے کہ حرف ندا قریب اور بعید دونوں کیلئے برابر درجہ مساوی طور پر مستعمل ہے۔

جواب سوم:- مولوی عبد السمیع صاحب لکھتے ہیں کہ ہم جو کہتے ہیں توجیہ خطاب کی اللہ تبارک و تعالیٰ نے قرآن

شریف میں وارد ہے یا حسرۃ علی العباد یہاں یا حرف ندا ہے جس سے قریب بعید حاضر کو پکارا جاتا
ہے یہ لفظ یا داخل ہوا ہے حسرت پر اور حسرت ایسی چیز ہے ادراک و شعور جبکہ اسکو نہیں ہے تاکہ
کبھی خبر نہ ہو گی کہ کوئی مجھ کو پکار رہا ہے۔ امام رازی کا کلام اس مقام میں ہے۔ المقصود ان ذلک
وقت حسرۃ فان النداء محمول علی الاخبار غرضیکہ سب مفسرین اس مقام میں لکھتے ہیں کہ یہ
ندا کلام عرب میں شائع ہے اور مراد اس سے یہ ہوتی ہے کہ وقت حسرت کا ہے یعنی یہ نہیں کہ حسرت کو
پکارتے ہیں اور بلاتے ہیں اس مقام پر ندا سے مجازاً حسب حیثیت ثابت ہوئی کہ کہیں ندا بجا خبر ہوتی ہے اور
مراد اس سے خبر دینا ہوتا ہے۔ پھر اسی طرح اس مقام میں کہ جو کوئی کہتا ہے ؎

تمہارے نام پر قربان یا رسول اللہ   فدا ہو تم پہ میری جان یا رسول اللہ

اس کا اصل مطلب یہ ہے کہ میری جان حضرت پر قربان ہے اور مراد اس کی خبر ہے تو اس نے
لفظ ندا یہ بولا ہے۔ کیا ضرور ہے کہ یوں کہو یہ شخص ندا کی طرح حاضر و ناظر جان کر پکارتا ہے۔ ہاں البتہ تم خود
معنی شرک اور کفر کے لوگوں کے ذہن میں جماتے ہو یہ کہہ کر کہ لفظ یا نہیں ہوتا مگر واسطے حاضر کے اور
خطاب نہیں کیا جاتا مگر حاضر کو حالانکہ یہ قاعدہ غلط ہے۔ کلام صحابہ میں غائب کو خطاب اور ندا موجود
ہے (ملاحظہ انوار ساطعہ [illegible]) حاضر و ناظر کی بحث سے مولوی محمد عمر صاحب اور مفتی احمد یار خان
صاحب اور مولوی سید احمد سعید صاحب کاظمی سے خصوصاً التماس ہے کہ وہ اس عبارت کو بار بار
پڑھیں اور غور فرمائیں کہ حرف یا سے حاضر و ناظر مراد لینے کو صرف دیوبندی ہی کفر و شرک کہتے ہیں؟
مولوی عبد السمیع صاحب بریلوی کا بھی یہی نظریہ ہے۔ اور کیا حرف یا سے حاضر و ناظر کی نفی مراد لے
کر صرف دیوبندی ہی کافر ہیں یا ان کے ساتھ مولوی عبد السمیع صاحب بریلوی بھی شریک ہیں۔

نوٹ:- انوار ساطعہ کے آخر میں کم و بیش چوبیس علماء کی تصدیقات اور تقریظات موجود
ہیں جنھوں نے اس کتاب کو صحیح کہا ہے۔ وہ اسی کتاب میں آپ نے یہ پڑھ لیا کہ حرف یا سے حاضر
ناظر سمجھنا شرک ہے اور کفر کا عقیدہ ہے اور اس سے حاضر و ناظر کا معنی لینا غلط ہے۔ مولوی عبد السمیع
صاحب لکھتے ہیں کہ اسی طرح کہو کہ تم مشتاق و شوقین رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جناب

بطور خطاب حاضر کئے ہیں اس لئے نہیں کہ چونکہ حضور آپ کا دل میں بندھ ہوا ہے تصور اشتیاقی یہ خطاب حاضر بباعث حضوری لذہن کے کرتے ہیں (ملتقط انوار ساطعہ صفحہ ۲۲۳)

اور حضرات سلف صالحین کے متعدد عبارات میں جو خطابات ہوتے ہیں وہ اسی قبیل سے ہیں چنانچہ انوار ساطعہ میں اس کی متعدد مثالیں دی ہیں۔ دیکھئے انوار ساطعہ صفحہ ۲۲۳ وغیرہ) ع

دل گیا تھا یاں ہی وہ انجمن آرا ہے ۔۔۔ قالب گور میں بے جان تماشہ ہے

فریق مخالف کی نویں دلیل اور اس کا ابطال

فریق مخالف ایک حدیث سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عالم الغیب اور ہر وقت حاضر و ناظر ہونے پر استدلال کیا کرتا ہے۔ حدیث مسلم جلد ۲ صفحہ ۳۹۰ اور مستدرک جلد ۴ صفحہ ۴۴۵ وغیرہ میں حضرت ثوبان سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان اللہ زوی لی الارض حتی ۔۔۔ اللہ تعالیٰ نے میرے لئے زمین سمیٹ دی یہاں تک کہ میں نے

رأیت مشارقہا ومغاربہا ۔۔۔ اس کے مشارق و مغارب کو دیکھ لیا (الحدیث)

جواب: اس حدیث میں نقل اور روایت کے الفاظ موجود ہیں جو دونوں ماضی کے صیغے ہیں جن کا مطلب یہ ہے کہ معراج کی رات یا کسی اور وقت اللہ تعالیٰ نے زمین کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے سمیٹ دیا اور آپ نے اس کے مشارق اور مغارب دیکھ لئے۔ اس حدیث سے یہ ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر وقت زمین پر ہر چیز کو دیکھتے رہتے تھے یا اب بھی دیکھتے ہیں علاوہ ازیں طی الارض تو یہ ہوتا ہے کہ ہر چیز اپنی اپنی جگہ پر رہتی ہے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کو دیکھتے ہیں اور آپ دور ہی سے حاضر اور موجود ہوتے ہیں مگر اس حدیث سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے زمین سمیٹ دی گئی یعنی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی جگہ پر رہے اور اللہ تعالیٰ نے زمین کے اطراف کو سکیڑ کر آپ کے سامنے پیش کیا تھا جیسا کہ صحیح احادیث میں آتا ہے کہ معراج کی حالت میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے بیت المقدس

دوسری جگہ اللہ تعالیٰ نے جنت یا مکہ یا جنازہ [illegible] روایت میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو آپ کے
سامنے پیش کیا تھا اور جیسا کہ مسند امام احمد میں ایک حدیث ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ [illegible] میں
کہ نجاشی کا جنازہ آپ کے سامنے پیش کر دیا گیا تھا اور آپ نے سب کی موجودگی میں جنازہ پڑھایا [illegible] اور ہم آپ کے پیچھے [illegible]
سے [illegible] ہوگا کہ حضرات محدثین کرام کا جنازہ غائبانہ پڑھنے میں کچھ اختلاف ہے ایک گروہ قائل ہے اور
دوسرا منکر جو منکر ہیں وہ کہتے ہیں کہ [illegible] وہ [illegible] تعداد [illegible] ہیں اور [illegible] جنازہ کے ثبوت پر
وہ مذکورہ حدیث پیش کیا کرتے ہیں [illegible] حضرات محدثین کرام [illegible] جب [illegible]
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، بقول [illegible] حاضر و ناظر تھے تو آپ [illegible] کا جنازہ [illegible] ہو کر
غائب تھا کیا حاضر و ناظر میں کوئی چیز غائب ہو سکتی ہے۔ حضرات محدثین کرام کے اس اختلاف سے
بھی معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضر و ناظر نہ تھے [illegible] حدیث کو نفی یا اثبات [illegible]
جنازہ کی [illegible] پیش کرتے [illegible] کہ جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے
زمین سمیٹ دی گئی [illegible] آپ نے [illegible] تفصیلاً [illegible] آپ [illegible] کے مجمع کو دیکھے
ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ [illegible] اعضاء [illegible] ایک ایک بات کو
بھی دیکھا کرتے ہیں [illegible] پہاڑ [illegible] درخت کی ایک ایک
ٹہنی اور ٹہنی کے ایک ایک پتے کو بھی دیکھا کرتے ہیں [illegible] ایک ایک [illegible]
کو دیکھا اور ایک سمت [illegible] آپ نے آسمان کے تارے کبھی نہیں دیکھے اگر دیکھے
ہیں تو کیا تفصیلاً دیکھے ہوئے [illegible] تعداد [illegible] اور [illegible] کیفیت جانتے ہیں، حافظ ابن حجر عسقلانی
[illegible] عبارت [illegible] آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مجلس میلاد میں حاضر ہو
پر استدلال کیا گیا ہے، خود شرح [illegible] میں لکھتے ہیں کہ اگر یہ بات صحیح طور پر ثابت ہو جائے
کہ بعض [illegible] آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس وقت جتنے [illegible] زمین پر موجود
تھے دکھا دیے گئے [illegible] آپ نے ہر ایک کو [illegible] تو چاہیے کہ ان لوگوں کو صحابی [illegible] آنحضرت
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زندگی میں [illegible] صحابی کہا جائے، اگرچہ [illegible] آنحضرت صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کو خود دیکھا ہو اور آپ سے ملاقات بھی نہ ہوئی ہو مگر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے تو روایت (ضعیف) ہوئی ہوگی۔ اس عبارت سے معلوم ہوا کہ اگر آپ اسوقت ہر جگہ حاضر و ناظر ہوتے تو حافظ الحدیث کو اتنی لمبی کے الفاظ استعمال کرنے کی کیا مصیبت پڑی ہے؟ نیز جب آپ کی زندگی میں ہی ایمان قبول کرنے سے صحابی مشہور ہے۔ اگرچہ وہ طرفہ روایتہ نہیں لیکن آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے تو روایت ہوئی تھی، پھر نہ معلوم حافظ الحدیث کو ان کے صحابی ہونے میں کیا تردد ہے؟ اس عبارت کو پیش نظر رکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہر جگہ حاضر و ناظر جاننے والے خود صحابی بننے کا دعویٰ کرتے ہیں (معاذ اللہ تعالیٰ) لیکن قارئین کرام خوب جانتے ہیں کہ فریق مخالف کفر و شرک بدعت و جہالت کو دنیا میں زندہ کرتے ہے اور حقیقی حضرات صحابہ کرامؓ کی شان یہ تھی کہ

نئے علم و فن ان سے ہم نے سنے — کیا کسب اخلاق روحانیوں نے
ادب ان سے سیکھا اسی نے — کمانیں سنبھالیں یہ دیوں سے

جہالت کا رشتہ ہر اک دل سے توڑا
کوئی گھر نہ دنیا میں تاریک چھوڑا

مولانا حالی

فریق مخالف کی دسویں دلیل اور اس کا رد

مفتی احمد یار خان صاحب نے ایک حدیث کے پیش نظر مرقاۃ وغیرہ میں حضرت صوفیائے کرام کی ایک اصطلاح کو نقل کرتے ہوئے یہ لکھا ہے کہ۔ اور حدیث قدسی کنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ ویدہ التی یبطش بہا ایک حدیث روایت کی رو سے وہ سالک لدی الحکم ہے اسی حالت کی حکایت ہے۔ اس عبارت میں صفحہ قرب نوافل میں جب بندہ اللہ ہو جاتا ہے تو خدا کی قدرت دیکھو سنتا اور جھوٹا اور بڑا ہوتا ہے یعنی ہر دور و نزدیک کی چیزوں کو دیکھتا ہے ہر دور و نزدیک کی چیزوں کو پکڑ سکتا ہے یہ حاضر و ناظر کے معنی ہیں اور جب مقبول الشان بندے اللہ ہو کر اس درجہ تک پہنچ جاتے ہیں تو سید الانس والجان علیہ الصلوٰۃ والسلام سے تو بدرجہ اولیٰ حضور علیہ السلام حاضر و ناظر ہوئے۔ (ملخصاً جاء الحق ص ۱۲۹)

الجواب: اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں نصاریٰ کو چونکہ کافر فرمایا ہے اور پھر ان کا عقیدہ حلول بتلایا ہے کیونکہ انہوں نے یہی کہا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام خدا تعالیٰ کے مظہر ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ ان میں حلول کر گئے ہیں۔ ان میں اور اللہ تعالیٰ میں کامل اتحاد ہو گیا ہے۔ بقول شخصے

تاکسے نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

ارشاد ہوتا ہے کہ:

لقد کفر الذین قالوا ان اللہ هو المسیح ابن مریم (پ ۶ مائدہ ع ۳)

تحقیق وہ لوگ کافر ہیں جنہوں نے یہ کہا کہ اللہ تعالیٰ تو مسیح ابن مریم میں حلول کر گیا ہے۔

اور اسی وجہ سے جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میری تعریف میں غلو اور ذکر میں ایسا مبالغہ نہ کرو جیسا کہ نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کیا ہے میں تو اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں سو تم مجھے اللہ کا بندہ اور رسول ہی کہو (بخاری ج ۱ ص ۴۹۰)۔

علامہ سید شریف علی بن محمد الجرجانی الحنفی (المتوفی ۸۱۶ھ) لکھتے ہیں کہ کفریہ عقیدوں میں سے ایک عقیدہ یہ ہے کہ:

حلولہ فی بعض اشخاص الناس — اللہ تعالیٰ کے بعض لوگوں میں حلول کر جانے کا ہے۔

(شرح مواقف ص ۷۱۴ طبع نولکشور)

اور یہی عقیدہ ان امامیہ اور حنبلیوں کا ہے جنہوں نے سلف صالحین کی اتباع کرتے ہوئے تعالیٰ اللہ مخلوق کو مظہر کر دیا ہے (العیاذ باللہ تعالیٰ) اور عیسائیوں کو بھی چند قدم پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔ وا اسفا۔

حدیث کنت سمعہ الذی یسمع بہ کا مطلب حضرات محدثین نے جو بیان کیا ہے اسے دیکھئے حضرت امام بیہقی کتاب الاسماء والصفات ص ۳۴۹ میں اور حافظ ابن حجر فتح الباری ج ۱۱ ص ۲۹۰ میں اور حضرت شاہ عبد العزیز صاحب تفسیر عزیزی پارہ تبارک سورۃ مزمل ص ۱۶۲ میں (واللفظ لہ) لکھتے ہیں کہ جب بندہ کثرت عبادت سے حق تعالیٰ کا محبوب ہو جاتا ہے تو اس کے سب اعضاء کا حق تعالیٰ خود حافظ ہو جاتا ہے اور اس کے ہاتھ پاؤں آنکھ کان سب کے سب خدا تعالیٰ کی مرضی کے مطابق ہو جاتے ہیں اس کی مرضی کے خلاف کچھ دیکھتے نہ سنتے ہوتے اور نہ پکڑتے (یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ بندے کے کان خدا کے کان اور اس کی آنکھیں خدا کی

"دیکھیں اور یہ مکاشفہ کے متعلق بیان کرتے ہیں حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ" سو یہ مرتبہ نفل عبادت کی کثرت سے ہوتا ہے اس لیے صوفیائے کرام نے قرب نوافل کہا اور مقرب اور نائب کہا جاتا ہے یہ اس حدیث قدسی کا مضمون۔ پس جو حضرات اہل دین نے بیان کیا ہے تو اس سے غیر اللہ کے لیے علم غیب کا مسئلہ ثابت ہو جائے اور حاضر و ناظر اور مختار کل وغیرہ کا جس طرح کہ فریق مخالف نے روایت بیان کر کے اس کا ثبوت دیا ہے۔ معلوم نہیں فریق موافق کے نفی اس حدیث سے کیا معنی کریں گے۔

ان اللہ تعالیٰ یقول یوم القیامۃ یا ابن آدم مرضت فلم تعدنی (الحدیث)
(مسلم ج ۲ ص ۳۱۸ مشکوٰۃ ج ۱ ص ۱۳۴)

تحقیق سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ارشاد فرمائیں گے اے انسان میں بیمار ہو گیا تھا تو نے میری تیمارداری نہ کی۔

اس حدیث میں اس کی تصریح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نیک بندہ کی بیماری کو اپنی طرف منسوب کیا ہے تو یہ معنی اس بندے سے ہوا جو کہ اللہ تعالیٰ سے ہو۔ اس کا یہ معنی تو ہرگز نہیں کہ اللہ تعالیٰ بیمار ہو جاتا ہے اور بھوکا اور پیاسا ہو جاتا ہے چنانچہ اسی حدیث میں بھوک اور پیاس کی بھی تصریح موجود ہے۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ مگر کیا کیا جائے فریق مخالف ان معانی میں بجائے حضرات سلف صالحین کی تحقیق کے بے نفس اور خود کی پیروی کرتا ہے۔

گو تقریر خود ہے روشن ہے ظاہر
مگر ان کی انکار ہے جیسے کی بیماری

فریق مخالف کی گیارھویں دلیل اور اس کی اہمیت

فریق مخالف آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حاضر و ناظر ہونے پر بلال کی حدیث سے قیاس کرتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صبح کے وقت ایک مرتبہ حضرت بلال سے پوچھا کہ تم نے اسلام میں کونسا مقبول عمل کیا ہے؟ کیونکہ آج رات میں نے جنت میں تمہارے جوتوں کی کھڑکھڑاہٹ سنی ہے۔ حضرت بلال نے عرض کیا کہ جب بھی وضو کرتا ہوں تو نماز پڑھ لیتا ہوں۔ اس حدیث سے فریق مخالف نے

یقیناً یہ کہنا ہے کہ حضرت بلال جب بارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے جنت میں حاضر ہو سکتے ہیں
تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کیسے ہر وقت حاضر و ناظر نہیں ہو سکتے!

الجواب — ہم اس بحث میں تو نہیں پڑنا چاہتے کہ یہ واقعہ معراج کی رات کا ہے یا کسی اور دن کا؟ جیسا کہ بعض کا ہے یا خواب کا جیسا کہ امام ترمذی لکھتے ہیں رأیت فی المنام کأنی دخلت الجنة ھکذا روی فی بعض الحدیث یعنی یہ خواب کا واقعہ ہے۔ اگر معراج کی رات کا ہے تو اس کا نتیجہ فریق مخالف کے لیے کیا ہے کہ حضرت بلال کو بھی آپ جیسی معراج نصیب ہوئی تھی؟ اس بحث سے قطع نظر کرکے ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ اس حدیث کا یہ معنی بھی تو ہو سکتا ہے کہ حضرت بلال جنت میں نہ گئے ہوں بلکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بلال کے جوتوں کی آواز اپنے سامنے جنت میں سنی ہو؟ رہی یہ بات کہ جب حضرت بلال زمین پر موجود تھے اور آپ جنت میں تھے تو آپ نے یہ آواز کیسے سنی؟ تو یہ کوئی تعجب نہیں کیونکہ اس کی یہ نظیر صحیح مسلم [illegible] میں موجود ہے کہ ایک مرتبہ حضرات صحابہ کرام نے ایک دھماکہ کی آواز سنی تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہنم کے اوپر سے پتھر نیچے کی طرف پھینکا گیا تھا جو ستر سال کے بعد وہ پتھر نیچے تک پہنچا ہے یہ آواز اسی کی تھی۔ ملاحظہ فرمائیے کہ حضرات صحابہ کرام دنیا میں زمین پر موجود تھے لیکن انہوں نے جہنم کے پتھر کی آواز سن لی اسی طرح اگر حضرت بلال اپنی جگہ اور مقام پر رہے ہوں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سامنے جنت میں حضرت بلال کے جوتوں کی مثالی آواز سنی ہو تو اس میں کیا تعجب ہے؟ اور اگر ہم اس کو بھی تسلیم کر لیں کہ واقعی حضرت بلال جنت میں تشریف لے گئے تو فریق مخالف سے ہمارا یہ سوال ہے کہ کیا حضرت بلال بطور کرامت ایک دفعہ جنت میں تشریف لے گئے تھے یا ہر وقت جنت میں رہا کرتے تھے؟ اور کیا جب حضرت بلال جنت میں حاضر اور موجود تھے تو اس وقت دنیا کے ہر ہر کونہ اور گوشہ میں اور آسمانوں اور زمینوں میں اور العیاذ باللہ تعالیٰ ہر جگہ بھی موجود تھے؟ ایک ہی مرتبہ اور ایک ہی جگہ کسی بزرگ کے بطور کرامت کے [illegible] پہنچ جانے سے یہ کیسے لازم آتا ہے کہ وہ ہر وقت اور ہر جگہ وہ پہنچ سکتے ہوں یا پہنچ سکتے ہوں؟ ایسا ہی ہے جیسا کہ کوئی آدمی فریق مخالف کے کسی مولوی صاحب کو یہ کہے کہ آپ بعض چیزیں کھا سکتے ہیں یا پی سکتے ہیں لہٰذا ثابت ہوا کہ آپ ہر چیز خواہ حلال ہو یا حرام کھا پی سکتے

آپ حسنِ طلب جناب [illegible] کی و بہ مام حیرت آجاتی ہیں۔ قارئین کرام! آپ فریق مخالف کی منطق دیکھیے کہ کیا گل کھلاتی ہے یقین یا بعید ہے کہ فریق مخالف یہ کہہ دے کہ ؎

یہ سب سنتے کر دوں لگا یہ عاشق ۔۔۔ نئی بات کیا آپ فرما رہے ہیں!

فریقِ مخالف کی بارھویں دلیل اور اس کا جواب

فریق مخالف کہا کرتا ہے کہ ایک حدیث اس مضمون کی آئی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک فرشتہ قیامت تک میری قبر پر کھڑا رہے گا جس کو اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق کے کان دیئے ہیں جو آدمی بھی مجھ پر درود پڑھتا ہے وہ فرشتہ سن لیتا ہے اور مجھے پہنچا دیتا ہے۔ اسی طرح ایک دوسری حدیث آئی ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کسی شخص کی بیوی اپنے خاوند کے ساتھ لڑتی ہے تو جنت میں حور اس کی آنکھ [illegible] کرتی ہے اور اس کو ملامت کرتی ہے کہ اپنے خاوند کو تکلیف نہ دے تیرا تو تھوڑے ہی دنوں کا مہمان ہے اصل میں تو وہ میرا خاوند ہے۔

فریق مخالف کے الفاظ میں ان دونوں حدیثوں سے یہ ثابت ہو گیا کہ یہ فرشتے اور حوریں کون ہیں؟ یہ حضور علیہ السلام کے ادنیٰ غلاموں میں سے ہیں۔ یہ تمام خدا داد قوتوں سے سن لیں تو یہ شرک نہ ہو (اور اگر) یہ عقیدہ ہو کہ یہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم بنفسِ نفیس خود خدا کے ہمارے درود و سلام سن لیتے ہیں تو یہ کیسے شرک ہو سکتا ہے۔

له حضرت ابو الدرداءؓ سے مرفوعاً مروی ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر درود شریف پڑھتا ہے بغیر [illegible] مجھے اس کی آواز پہنچتی ہے (جلاء الافہام ص ۹۲) [illegible] سے بھی مستقل باطل ہے۔ اور اس [illegible] کا الفاظ [illegible] ہی صحیح ہے۔ اصل روایت جس [illegible] کے مغالطے مروی ہے [illegible] عن ابی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ [illegible] اور [illegible] کی صحیح روایتیں بھی [illegible] کی تائید کرتی ہیں اور [illegible] فرشتوں کی وساطت سے ہوتا ہے جیسا کہ دوسری صحیح اور صریح روایات میں آتا ہے۔ [illegible] اسی روایت [illegible] فرشتوں [illegible] کا ذکر ہے [illegible] مشہور [illegible] آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو درود پہنچاتے [illegible] آپ کی قبر مبارک کے قریب

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر دیکھیے)

جواب۔ قارئین کرام! آپ نے فریق مخالف کے حیلہ کا زعم تو ملاحظہ کر ہی لیا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو فرماتے ہیں کہ فرشتے مجھے درود و سلام پہنچاتے ہیں اور یہ نفس کے غلام اس پر قیاس کرتے ہیں کہ فرشتوں کے بغیر آپ خود بھی نہیں سنتے ہیں۔ تب حدیث اول کی سند تو دیکھئے روات کا حال سنئے۔ پہلی حدیث کا راوی اسمٰعیل بن ابراہیم ابو یحییٰ تیمی ہے۔ محدثین فرماتے ہیں کہ وہ بہت ہی ضعیف تھا۔ ابن معین کہتے تھے کہ وہ ضعیف ہے۔ علامہ ذہبی فرماتے ہیں کہ مشہور محدثین اس کی تضعیف پر متفق ہیں۔ (میزان الاعتدال ج ۱ ص ۹۹) حافظ ابن حجر لکھتے ہیں کہ تمام محدثین اس کی تضعیف کرتے ہیں۔ جن میں خصوصیت سے امام بخاری، امام ترمذی، امام مسلم، امام نسائی، امام ابو زرعہ، امام ابن معین، امام دارقطنی، امام ابو احمد حاکم اور امام ابن حبان قابل ذکر ہیں۔ (تہذیب ج ۱ ص ۲۸۰) پہلی حدیث کا دوسرا راوی نعیم بن ضمضم ہے۔ علامہ ذہبی میزان ج ۳ ص ۲۴۷ میں لکھتے ہیں بعض محدثین نے ان کی بھی تضعیف کی ہے (مجمع الزوائد ج ۳ ص ۱۲۲) پہلی حدیث کا تیسرا راوی ابن حمیری ہے جو نامعلوم الحال، علامہ ذہبی میزان ج ۳ ص ۸۶ میں لکھتے ہیں کہ یہ مجہول ہے اور امام بخاری فرماتے ہیں لا یتابع علی حدیثہ (مجمع الزوائد ج ۱۰ ص ۱۶۲) کہ یہ اپنی روایت میں اکیلا ہے۔ اس کا کوئی متابع نہیں پایا جاتا۔ قارئین کرام نے پہلی حدیث کے روات کا حال حضرات محدثین کرام سے سن لیا۔ اب آئیے دوسری حدیث کے روات اور رجال کا حشر بھی حضرات محدثین کرام سے سن لیجئے۔ دوسری حدیث ابن ماجہ وغیرہ میں موجود ہے۔ جس کا پہلا راوی احمد بن عبد الوہاب بن نجدۃ ہے [illegible]

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ درود شریف پڑھتے ہو تو آپ [illegible] بلا واسطہ سنتے ہیں اور بعد مرتبہ آپ تک پہنچائے جاتے ہیں۔ شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی لکھتے ہیں، مگر [illegible] شدہ سوم [illegible] بلا واسطہ سنتے [illegible] ہیں اور دیگر [illegible] کہ جن کی حضرت عزت ایشاں [illegible] تسبیح [illegible] و سلام [illegible] آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] امت [illegible] احادیث [illegible] منقول [illegible] حاشیہ [illegible] مولوی احمد رضا خان صاحب [illegible] صاحب [illegible] سے استدلال کرتے ہیں [illegible] شیخ صاحب [illegible] کی جا چکی ہے [illegible] حضرت شیخ صاحب [illegible] است [illegible]

[illegible]

ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ وہ مجہول ہے۔ امام [illegible] کہتے ہیں کہ وہ معروف الحدیث نہ تھا۔ امام دار قطنیؒ اسکو متروک الحدیث کہتے ہیں۔ امام بخاریؒ اسکو صاحب عجائب کہتے تھے (میزان ج ۲ صفحہ ۱۹۰) امام ابو داؤدؒ کہتے تھے کہ وہ جعلی اور من گھڑت حدیثیں بنایا کرتا تھا۔ امام بیہقیؒ اور امام عقیلیؒ کہتے تھے کہ وہ متروک ہے۔ امام صالح بن محمدؒ کہتے ہیں اسکی اکثر حدیثیں محض جھوٹی ہیں۔ امام ابن حبانؒ کہتے ہیں کہ اس سے استدلال درست نہیں۔ امام حاکمؒ اور ابو نعیمؒ کہتے تھے کہ یہ جعلی روایات بیان کرتا تھا (میزان الاعتدال ج ۲ ص ۱۰۰ و تہذیب التہذیب ج ۹ صفحہ ۲۲۳) اس حدیث کا دوسرا راوی اسمٰعیل بن عیاش ہے۔ امام مسلمؒ شرح مسلم [illegible] اور امام ترمذیؒ ترمذی شریف ج ۲ ص ۲۲ میں لکھتے ہیں کہ اسمٰعیل کی کوئی حدیث لکھنے کے قابل نہیں۔ معروف و مشہور راوی سے ہو یا مجہول سے۔

فریق مخالف خطیب قسطلانی کی کتاب مواہب لدنیہ اور زرقانی ج ۷ صفحہ ۲۰۴ وغیرہ کے حوالہ سے ایک روایت نقل کیا کرتا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کو میرے سامنے کر دیا ہے پس میں دنیا اور دنیا میں جو کچھ ہونے والا ہے سب کو اسی طرح دیکھ رہا ہوں جس طرح اپنے ہتھیلی کو۔

جواب یہ روایت حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی [illegible] میں ہے لیکن [illegible] کی کتاب میں اس کا الفاظ [illegible] حضرت عبد اللہ بن عمرؓ [illegible] لیکن اسکی سند میں سعید بن سنان الرہاوی ہے جو ضعیف ہے (مجمع الزوائد ج ۸ ص ۲۸۷) [illegible] روایت ضعیف ہے چنانچہ مشہور حنفی محدث حافظ [illegible] کنز العمال ج ۶ ص ۹ میں لکھتے ہیں [illegible] ضعیف ہے اس کی سند کمزور اور ضعیف ہے۔ خان صاحب ایک مقام پر کیا خوب لکھتے ہیں۔ حدیث ماننے (حضور پر نور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف نسبت کرنے کیلئے ثبوت چاہیے بے ثبوت نسبت جائز نہیں [illegible] (احکام شریعت حصہ سوم صفحہ ۹) مفتی احمد یار خان صاحب نے جاء الحق صفحہ ۱۴۳ اور انیس [illegible] صفحہ ۲۲۲ کے حوالہ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سوموار اور جمعہ کے دن میری وفات کے بعد بھی تم درود شریف مجھ پر پڑھ کر پیش کیا کرو۔

قال اسمع صوتکم بلا واسطة اجمالی تفصیلا — میں تمہاری طرف سے درود و سلام بلا واسطہ سنتا ہوں۔

تو یہ بالکل بے سند اور بے اصل ہے۔ ایسی بے سروپا روایتوں سے یہ مسئلہ حل نہیں ہو سکتا۔ مفتی صاحب کو اس روایت کی سند اور پھر روات کی توثیق اور سند کا اتصال ثابت کرنا ہوگا اور ان سے یہ تا قیامت نہیں ہو سکے گا شمع ذرانی کر دیکھیں۔ (دیدہ باید)۔

اسی طرح مفتی صاحب نے دلائل الخیرات شریف کی جو روایت پیش کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:-

اسمع صلوٰۃ اهل محبتی واعرفهم — میں محبت والوں کا درود خود سنتا ہوں اور ان کو پہچانتا

وتعرض علیّ صلوٰۃ غیرهم عرضا — ہوں اور غیر محبین کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

تو یہ بھی بے سند اور بے حقیقت روایت ہے اور جعلی اور من گھڑت روایات سے اہل بدعت کی تسکین تو ہو سکتی ہے مگر اہل سنت والجماعت حدیث کی توثیق اور اتصال سند کے بغیر کوئی روایت سننے کے ہرگز تیار نہیں ہیں اس بات کو مفتی احمد یار خان صاحب اور مولوی محمد عمر صاحب وغیرہ بگوش ہوش سن لیں۔

پر فلک کو کبھی دل جلوں سے کام نہیں — جلا کے خاک نہ کر دوں تو داغ نام نہیں

قارئین کرام! آپ ان حدیثوں کا حال حضرات محدثین کرام سے سن چکے ہیں جن پر فریق مخالف قیاس کرتا اور فخر کرتا ہے اور صحیح احادیث کا مقابلہ کرتے ہوئے کفر اور شرک کی تعمیر استوار کرنا چاہتا ہے اگر وہ ایسا نہ کرتا تو ہمیں بھی اس طرح حقیقت کو بے نقاب کرنے کی ہرگز ضرورت نہ تھی۔

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریاد یوں کرتے — نہ کھلتے راز سربستہ نہ یہ رسوائیاں ہوتیں

فریق مخالف کی تیرھویں دلیل اور اس کی مدافعت

فریق مخالف حضرت بزرگان دین اور حضرات صوفیائے کرام کی بعض نقل اور غلبۂ شوق کی حالت کی گول موقع عبارتیں بھی پیش کرتے ہیں۔ مفتی صاحب لکھتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحیح اور سب دلی کے لئے حاضر و ناظر ہیں۔ مذکورہ تحقیق تحریر ہے فلاں بزرگ کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم وغیرہ لکھتے ہیں کہ ایک صاحب ایک وقت میں کئی ایک مقامات پر رونق افروز ہو گئے
اس طرح لطافت اور مثال کے جیسے بھی شخصیات اور تمثیل پیش کرتے ہوا ہے: ان سادہ لوح مسلمانوں کو بدعت و شرک
کے دام تزویر میں لیا جاتا ہے۔

جواب: قارئین کرام ہم پہلے تفصیل و صراحت کے ساتھ یہ بات عرض کر دی ہے کہ عقیدہ
کے اثبات کے لئے نص قطعی کی ضرورت ہوتی ہے یہاں تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر واحد
کو بھی قرآن کریم کے مقابلہ پیش کرنا روا نہیں۔ احمد رضا خان صاحب کے نزدیک جس مرزہ باتی ہے پھر
نامعلوم حضرات صوفیائے کرام کی بے سند اور بے ثبوت کیا اور لوگوں کی باتوں سے قرآن کریم اور متواتر
احادیث کا مقابلہ کرنا کس طرح صحیح ہو سکتا ہے وہی کیا جائیگا کہ ان بزرگوں کی عبارات میں اگر مناسب
تاویل کی گنجائش ہوتی تو تاویل کر دی جائیگی ورنہ ملا علی قاری کی مصطلحات میں وہ

شمار رہینت وہ بہ مرگی ہیں

پیش کیا جائیگا۔ اسی طرح آپ کو رازی احمد رضا خان صاحب کے بیٹے مصنف ... وہ فرماتے
میں مولویوں کے ذہن ... ... شرح مسلم ... بخاری
شریف جلد ... کی ایک حدیث نقل کر کے اس کا ترجمہ یوں کرتے ہیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم
فرماتے ہیں ضرور میری امت میں وہ لوگ ہونے والے ہیں جو حلال ٹھہرائیں گے عورتوں کی شرمگاہ یعنی زنا
اور ریشمی کپڑوں اور شراب اور باجوں کو۔ حدیث صحیح بخاری ... پھر آگے لکھتے ہیں ... یہاں ... بہت
... جھوٹ پرست ... صوفی باد بدعت کی حدیث ... مقابل ... ضعیف
... پیش کرتے ہیں ... تحقیق نہیں ... ان کے
... ضعیف ... پھر کہاں ...
... ... کے پاس ہے۔
... ... بھی ...
اپنے ... احکام شریعت ... ...

ہماری طرف سے جو جناب خاتم النبیین اور ان کی امت کو مراتب ملے ہیں [illegible] کمالی سے جہاں
نصوص قطعیہ احادیث صحیحہ وغیرہ اور محکمات کے متعلق ہیں تحریف اور [illegible] اور تصحیف حدیثیں اور
بعض بے جگہ بیانی مختلف دلائل محض عبارت پیش کیا کرتے ہیں اور دلیل محکم کو چھوڑ دیتے ہیں [illegible] سے
دین کی عمارت میں داخل ہو کر ہیں باطل عقیدہ اور بدعت کے جواز اور حق ہونے اور الزام دینے کے لئے
بے جا کوشش کیا کرتے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ وہ عبارت بھی تکرار بندی کرنے کافی ہے۔

کفی بسیف نجوم علیک حیث شاہ

جواز اوسے جو سر پر بیٹھ کر بولے

فریق مخالف کی چودھویں دلیل اور اس کی تردید

فریق مخالف کے بعض علماء ناواقف اور عقل کے کورے مولوی یہ بھی کہا کرتے ہیں کہ اگر ہم [illegible] ٹیلیفون ریڈیو وغیرہ کے ذریعہ دور دراز ملکوں کی خبریں [illegible] ایسے سن سکتے ہیں تو جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امت کی طرف سے درود وسلام وغیرہ کو براہ راست کیوں نہیں سن سکتے؟

جواب: ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ [illegible] کا کام ہے جب جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے [illegible] فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرشتے مجھ پر درود وسلام پہنچاتے ہیں تو ہمارا یہی ایمان ہونا چاہئے۔ علاوہ ازیں ریڈیو کی آواز بھی بجلی اور [illegible] پر موقوف ہے تو جس طرح بغیر بجلی اور مشینری کے ریڈیو کی آواز کسی ملک میں نہیں جا سکتی اسی طرح آپ سمجھ لیں کہ بغیر فرشتوں کے توسط [illegible] صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امت کی طرف سے درود وسلام نہیں سنتے گویا فرشتوں نے وہی کام دیا جو ریڈیو کے لئے بجلی اور مشینری سے [illegible] فرمایئے کہ ریڈیو کی مثال ہماری ہے یا فریق مخالف کی [illegible]

الجھا ہے پاؤں یار کا زلف دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

فریق مخالف کی پندرھویں دلیل اور اس کا ازالہ

مفتی احمد یار خان صاحب اور مولوی محمد عمر صاحب لکھتے ہیں (۱) مقدمہ قصیدۃ النعمان مصنفہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے

وَاِذَا سَمِعْتُ فَعَنْکَ قَوْلًا طَیِّبًا — وَاِذَا نَظَرْتُ فَمَا اَرٰی اِلَّاکَ

حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ جب میں کوئی بات سنتا ہوں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو آپ ہی کی طرف سے ایک بات سنائی دیتی ہے اور جب میں دیکھتا ہوں یا رسول تو آپ سوا مجھے کوئی بھی نظر نہیں آتا۔

اے حنفی بننے کا دعویٰ کرنے والو دیکھو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان اور عقیدہ اب فرمائیے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو بھی مشرک کہو گے (۱) جاء الحق ص ۱۴۲ (۲) مقیاس حنفیت ص ۲۹۹۔

الجواب: حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی شخصیت کوئی ایسی گمنام شخصیت نہیں ہے کہ ان کی طرف ہر الا بلا بات نسبت کر دی جائے۔ اور وہ معتبر ہو جائے۔ انکی زندگی کا ایک ایک لمحہ اور ان کی زبان مبارک سے نکلا ہوا ایک ایک جملہ اور ایک ایک لفظ کتب حدیث میں مشہور ہے۔ یہ قصیدۃ النعمان بالکل جعلی اور من گھڑت ہے حضرت ابوحنیفہ کی ہرگز ہرگز تصنیف نہیں ہے اگرچہ انکی متعدد کتابیں ہیں۔ مگر قصیدۃ النعمان ان میں ہرگز ہرگز نہیں ان کا ثبوت معتبر اور قطعی ہے وہ ایسی کہ قابل اعتماد تلامذہ کے ذریعے سے امت تک پہنچا ہے مستند دلیل صاحب الف الف تحریر تک پہنچا ہے جعلی اور بے اصل قصیدہ سے حضرت امام صاحب کا عقیدہ ثابت کرنے والو ذرا کچھ تو خدا خوفی کا ثبوت دیتے ہوئے شرم کرو۔ آخر یہ بدعتی ملاں مر جائے پھر بتاؤ تو ذرا اس حضور کا دیکھنا سننا کیونکر صحیح ہے؟ کیا معلوم شاعر نے کس کو خطاب کیا ہے اور پھر کیا معلوم کہ اس سے حقیقۃً دیکھنا مراد ہے یا تصور کے طور پر۔ دلیل نزاع سے خارج ہے۔

مسلم حضرت الحاج ... جو حضرات محترمہ علماء بریلی باب تاریخ کی کم از کم دو شہادتیں ایسی پیش کرو جس میں یہ کہا اور لکھا ہو کہ یہ قصیدہ حضرت امام صاحب نے تصنیف فرمایا ہے محض زبانی سے

والوں کے ... کا ہرگز ثبوت نہیں تھی ۔ جواب مقدمے سے یہ مضمون ذہن نشین ہو سکے گا
نظری نبوتی ہے ثبوت دیں وجود ... کہ ... تصور ... سمجھانے کے

فریق مخالف کی سولھویں دلیل اور اس کا دفعیہ

... حاضر و ناظر کا اثبات اکابر علمائے دیوبند سے
... صاحب اور مولوی محمد عمر صاحب وغیرہ ... حاضر و ناظر کا اثبات اکابر علماء دیوبند سے بھی ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی ہے اور ان کی عبارات سے یہ مسئلہ کشید کیا ہے کہ ان کی عبارتوں سے بھی مسئلہ حاضر و ناظر کا مسئلہ ثابت ہے مگر ایک معمولی سمجھ کا آدمی ... سمجھ سکتا ہے کہ ان کی عبارتوں سے یہ مسئلہ ثابت کرنا خالص سینہ زوری ... کی بدترین مثال ہے جبکہ ان کی عبارتوں میں صراحت اور وضاحت سے اس مسئلہ کی تردید کی گئی ہے چونکہ ان حضرات کی عبارات بالکل صاف ہیں ان سے اس مسئلہ کا ثابت ہونا ... ہو سکتا ہے ان کے جواب کی اصلا ضرورت نہیں ہے ... الحاج ... حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی بانی دارالعلوم دیوبند (المتوفی ۱۲۹۷ھ) اور حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی (المتوفی ۱۳۲۳ھ) کی عبارتوں سے ممکن ہے کہ ... کم فہم کو شبہ ہو سکے اس لئے ... ان کو نقل کر کے ان کا جواب ... مولوی محمد عمر صاحب اور ... صاحب لکھتے ہیں۔ واللفظ

پہلی دلیل حاضر و ناظر کا ثبوت تحذیر الناس سے — مولوی محمد قاسم صاحب بانی مدرسہ دارالعلوم دیوبند لکھتے ہیں کہ النبی اولی بالمؤمنین من انفسهم کو بعد لحاظ ... کے دیکھئے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو امتی کے ساتھ وہ قرب ہے کہ ان کی جانوں کو بھی ان کے ساتھ وہ قرب نہیں ہے کیونکہ اولیٰ بمعنی اقرب ہے ... ۲۹۸ ... مقیاس حنفیت ص ۲۹۸ ... اور اس سے بڑھ کر یہ الجواب : حضرت مولانا محمد قاسم ... تحذیر الناس میں ... ناظر کا قرب ... ہرگز مراد نہیں ہے بلکہ ... روحانیت ... کی ایک عبارت ... کرتے ہیں ... ملاحظہ فرمائیں حضرت ... التحقیق انصاف میں ... کے ...

مولانا نانوتوی حکیم عبد الصمد صاحب کے نام خط میں یاد رکھو فرماتے ہیں:-

مرشدوں کی نسبت یہ خیال غلط ہے کہ ہر دم ساتھ رہتے ہیں اللہ عز وجل آگاہ رہتے ہیں۔ یہ خدا کی ہی شان ہے گاہ و بیگاہ بطور خرق عادت بعض اکابر سے ایسے معاملات ظہور ہوتے ہیں۔ جو طلب کو یہ دعوٰی کا ہے تصور میں صورت کا خیال امر فضول ہے جیسے کسی کے تذکرہ کے وقت کسی کا خیال آتا ہے ایسا ہی تصور شیخ ہے۔ اگر تصور کرو تو یہ سمجھو کہ اپنی جگہ ہے شیخ تو اپنے وطن میں اور ہم اس کے ساتھ تو یہ خیال رہے کہ ادھر سے کچھ فیض آتا ہے۔ الحمد اور بسم اللہ کو پڑھتے رہنا موقوف رکھو اور الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ بہت مستحب ہے مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر نہ سمجھنا چاہیے ورنہ اسلام کہاں ہوگا کفر ہوگا۔ بلکہ یوں سمجھے یہ پیغام فرشتے پہنچاتے ہیں والسلام (ملتقطاً فیوض قاسمیہ ص۲۲)

حضرت مولانا نانوتوی کی تحریر متعلق عبارتوں سے مسئلہ حاضر و ناظر کشید کرنے والوں کو ذرا ہوش میں آ کر یہ عبارت بار بار بالالتزام پڑھنی چاہیے۔ طبیعت صاف ہو جائے گی انشاء اللہ العزیز۔

مولوی محمد عمر صاحب مخالفین کی کتابوں سے حاضر و ناظر ثابت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ فتاوٰی رشیدیہ ج ۳ "پس حضور علیہ السلام کو مجلس مولود میں حاضر و ناظر جاننا بھی بے ثبوت ہے اور اگر باعلام اللہ تعالیٰ جانتا ہے تو شرک نہیں" (مقیاس حنفیت ص۳۲۵)۔

الجواب:- اس عبارت میں "ورنہ شرک ہے" کے الفاظ حذف کر کے اس سے مسئلہ حاضر و ناظر کشید کرنا مولوی محمد عمر صاحب ہی کا کام ہوگا۔ یہ تحریر مجلس مولود میں باعلام اللہ جاننے کے شرک نہ ہونے سے ہے اور کیونکہ لازم ہے کہ آپ ہر وقت ہر جگہ حاضر و ناظر ہوتے ہیں اور یہ عقیدہ رکھنا شرک نہ ہوگا، ایسے ہی مسئلہ علم غیب خود حضرت مولانا گنگوہی نے ارشاد سے واضح کر دیئے ہیں۔ وہ ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ عقیدہ رکھنا کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سب غیب کو جانتے ہیں شرک صریح ہی ہوگا۔ معاذ اللہ حق تعالیٰ سب مسلمانوں کو ایسے عقیدہ فاسدہ سے نجات دیوے۔ آمین۔ پس ایسے عقیدہ والا مشرک ہے اور جب انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو علم غیب نہیں تو یا رسول اللہ کہنا بھی ناجائز ہوگا۔ اگر یہ عقیدہ کر کے کہے کہ وہ دور سے سنتے ہیں بسبب علم غیب کے تو خود کفر ہے اور جو یہ عقیدہ نہیں تو کفر نہیں مگر کلمہ مشابہ بکفر ہے۔ البتہ اگر

اس کا مر تو درود شریف کے ضمن میں کہے تو یہ تشبیہ درست ہے کہ جو مگر درود شریف آپ تو پیش کر کے بہت
عرض کرتے ہیں تو درست ہے کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ فلاں درود پڑھنے والا مومن کا آپ تک
میں عرض کرتے ہیں (فتاوی رشیدیہ ص) حضرت مولانا گنگوہی کی ... تو عقیدت کے جب
بھی اگر مولوی محمد عمر صاحب وغیرہ کی طبیعت میں خلجان باقی ہے تو پہلے آپ کو اپنی طبیعت خاصیہ کا
علاج کر لینا چاہیے پھر دوسروں پر اعتراض کی جرأت کرنی چاہیے

شکوہ کرنا ہو تو اپنا کر غم دل کا ذکر
خود گِلِ تیر ہے عادت گر میری تصویر کا

مفتی احمد یار خاں صاحب کا اپنا عقیدہ خود سنو، گنگوہی کی اس عبارت سے کہ عقیدہ تقلین
و مذکور است شیخ مقید بیاب مکان نیست بلکہ مرید باشد قریب یا بعید اگر چہ از شیخ دور است
با وقت نیست او را روحانیت شیخ او دال مطلب حاضر او روحانی حالات مسعود با شد الخ شیخ بآواز
الفہم اللہ رخ و رسد گر روابط تمام شرط است الح ... ص ۱۲۳ انکو حاضر و ناظر استدلال کتا
صاحب کا انتہائی کمال ہے اور حضرات صوفیہ کرام کی اصطلاحات کو کچھ نہیں سمجھتے مفتی صاحب جو
عبارت لکھے ہیں وہ یہ ہے کہ شیخ ... سمجھ کے اگر چہ شیخ دور است شیخ ... روحانیت شیخ ... ہے
نزدیک ... کا صرف ہی کیا نتیجہ ہے۔ اگر ... بالکل ... معنی ...
سمجھے تو قوم کا بیڑا غرق ہو جائے گا۔

ایں چنیں ... دولت ملک ... ویران کنند

فریق مخالف کی سترھویں دلیل اور اس کا دفاع

بیسواں فریق مخالف کا معرکۃ الآراء ہے جس کو مولوی احمد رضا خاں صاحب بریلوی، مولوی حشمت
علی خاں صاحب، مفتی احمد یار خاں صاحب اور مولوی محمد عمر صاحب نے مختلف تعبیرات سے بدرنگ
بدرنگ دیکھایا ہے جیسا کہ صورت اور شکل میں پیش کر کے عامۃ المسلمین کے ایمانی جذبات کو
مشتعل کر کے حضرات اکابر دیوبند کو ... کی سعی کی ہے دیکھئے حسام الحرمین ص ۱۲۳ مقیاس حنفیت

اور جاء الحق صفحہ ۱۴۲ وغیرہ اس اعتراض کا خلاصہ یہ ہے کہ دیوبندیوں کے نزدیک شیطان و ملک الموت
تو ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں مگر جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر و ناظر نہیں ہیں [illegible] کے نزدیک
شیطان اور ملک الموت کا علم حضور سے زیادہ ہے [illegible] نعوذ باللہ تعالیٰ ملاحظہ ہو براہین قاطعہ
مصنفہ مولوی خلیل احمد صاحب ملاحظہ جاء الحق [illegible] ملخصہ

الجواب: دجل اور فریب کی مثالیں تو دنیا میں بے شمار ہیں اور بدعتی کے نمونے
تو اس [illegible] میں [illegible] اور ہندوستان کے طریقے تو اس [illegible] میں ان [illegible] میں مگر جس
کتاب اور صفحہ میں مکر و فریب کے [illegible] مفتی صاحب نے یہ اعتراض کرتے وقت دیانت [illegible]
اس کو [illegible] بھی [illegible] موجود ہوگی [illegible] تحقیقات سے جو کوشش دیا ہے [illegible]
ابلیس بھی ان کے کان کترتے ہیں [illegible] اکبر مرحوم
خداوندی ہی تو ہے [illegible]

وہ [illegible] سے [illegible] روشن [illegible] سامنے نشان نہیں

آپ غور سے اس کی حقیقت ملاحظہ فرمائیں اصل بات یہ ہے کہ اہل بدعت کے مشہور و مستند
عالم مولوی عبد السمیع صاحب رامپوری نے [illegible] میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے
حاضر و ناظر ہونے پر [illegible] دلیل [illegible] قیاس فاسد [illegible]
بھی ہے کہ جب ملک الموت اور شیطان ہر جگہ موجود ہے تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیوں نہیں موجود
ہو سکتے [illegible] اور پھر لکھتے ہیں کہ اس
روایت سے معلوم ہوا کہ ملک الموت تو ایک فرشتہ مقرب ہے [illegible] شیطان ہر جگہ موجود ہے [illegible]
کے مسائل [illegible] لکھا ہے کہ شیطان ابن آدم کے ساتھ خون کی طرح رہتا ہے اور [illegible] کے ساتھ
رہتا ہے [illegible] کہ شیطان تمام بنی آدم کے ساتھ رہتا ہے مگر جس کو
اللہ نے بچایا۔ اس کے بعد لکھتے ہیں:

[illegible] کما [illegible] یعنی اللہ تعالیٰ نے شیطان کو اس بات کی قدرت دے دی

[illegible] موت [illegible] دعوت [illegible]

[illegible]

اس کے بعد مولوی خلیل احمد صاحب سہارنپوری [illegible] لکھتے ہیں کہ [illegible] فخر عالم

چاہئے جب شیطان [illegible] ملک الموت [illegible] موجود [illegible]

حضرت [illegible] رسول [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] ثابت کرنے سے شرک [illegible]

معاذ اللہ [illegible] صاحب [illegible] تمام [illegible] مذہب [illegible]

ہونا رسول اللہ کا [illegible] دعوی ہے [illegible] ابلیس [illegible] سے بھی زیادہ [illegible]

پاک [illegible] حضرت [illegible] کھول کھول

[illegible] عبارت کو پڑھیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے علم میں [illegible] حاضر و ناظر

کو شیطان لعین [illegible] حاضر ہونے پر [illegible] قیاس [illegible] بات [illegible] دیوبندی علماء نے

مولوی خلیل احمد صاحب [illegible] کہیں نے کہا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ

وسلم [illegible] حاضر [illegible]

ہیں [illegible] شیطان کے

ہر جگہ موجود ہونے پر [illegible] وسعت علمی [illegible] تسلیم کی [illegible]

قاطعہ کی عبارت [illegible] مولوی خلیل احمد صاحب [illegible] صاحب [illegible]

مولانا خلیل احمد صاحب [illegible] گمراہ کرتے [illegible]

[illegible] صاحب [illegible] مولوی محمد منظور صاحب [illegible] مفتی

[illegible] صاحب [illegible] ثبوت

دیا ہے کہ جناب [illegible] حضرت محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے [illegible] حاضر و ناظر [illegible]

تو کوئی [illegible] رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے حاضر و ناظر ہونے سے

زیادہ [illegible] مقامات میں ابلیس [illegible] حاضر و ناظر [illegible] وسعت علمی ثابت [illegible] ابلیس

شیطانی [illegible] تمام [illegible] سے بڑھ کر [illegible]

ہوگا؟ اگر یہ بھی عیب نہ گیا ہے تو ہیچ

کہ بے حیا باش و ہرچہ خواہی کن

قارئین کرام! آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ باطل نے کس ڈھٹائی سے ابلیس لعین کی وسعتِ علمی کو (جو علیم اللہ) بیان کرنے والا مولوی عبدالسمیع صاحب بدعتی رامپوری صاحب انوار ساطعہ ہے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری نے انوار ساطعہ کے جواب میں جب براہین قاطعہ لکھی تو اس بحث سے صرف نظر کرتے ہوئے کہ تمام دنیا کو گمراہ کرنے والا صرف ابلیس لعین ہے یا اس کی ذریت اور چیلے چانٹے ہیں اور وہ خود دنیا پر تخت بچھا کر حکم کرتا ہے جیسا کہ صحیح مسلم کی روایت میں ہے (مشکوٰۃ ج ۱ ص ۱۸) اور کیا ایک ہی دن اور رات میں انسان کو گمراہ کرنے پر مامور ہوتا ہے یا دن کا اور ہوتا ہے اور رات کا اور؟ اور اس سے بھی قطع نظر کرتے ہوئے کہ کیا جان نکالنے والا صرف ایک ہی فرشتہ ہے یا حسب ارشاد خداوندی توفته رسلنا[۱] کئی فرشتے ہیں اور ملک الموت ان کے انچارج ہیں اور اس سے قطع نظر کرتے ہوئے کہ کیا روئے زمین کے ہر حصہ پر ہر وقت سورج اور چاند موجود ہوتے ہیں؟ ایک جگہ سورج کا طلوع ہوتا ہے اور دوسری جگہ غروب،

[۱] امام فخر الدین رازی متوفی ۶۰۶ھ لکھتے ہیں:

فاما قبض الارواح فی ملک الموت فهو رئيس وتحته اتباع وخدم فاضيف التوفی فی هذه الآية الی الله تعالی بالاضافة الحقيقية وفی الآية الثانية الی ملک الموت لانه هو الرئيس فی هذا العمل والی سائر الملائکة لانهم الاتباع لملک الموت والله تعالی اعلم (تفسیر کبیر ج ۱۳ ص ۱۰۰ طبع مصر)

سو اللہ تعالیٰ نے ارواح کا قبض کرنا ملک الموت کے سپرد کیا ہے اور وہ رئیس ہیں اور ان کے اتباع اور خادم ہیں پس اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ اللہ یتوفی الانفس الآیۃ میں توفی اور روح قبض کرنے کی نسبت اپنی طرف کی ہے کیونکہ حقیقتاً جان وہی قبض کرتا ہے اور دوسری آیت قل یتوفاکم ملک الموت میں قبض روح کی نسبت ملک الموت کی طرف کی گئی ہے کیونکہ اس کام میں وہ رئیس ہیں اور تیسری آیت توفته رسلنا الآیۃ میں سب فرشتوں کی طرف بھی نسبت کی گئی ہے کیونکہ وہ ملک الموت کے اتباع ہیں واللہ تعالیٰ اعلم

ں مانع ہو رہے تھے وہ بھی رد کرتے ہوئے بغرض صحت حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نے اس باطل قیاس کو یوں رد کیا ہے کہ

حاصل غور کرنا چاہیے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو خلاف نصوص صریحہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے، شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی، فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے جس سے تمام نصوص کو رد کرکے ایک شرک ثابت کیا جاتا ہے۔ یہ بیان تو علم حضرت مولانا مرحوم یہ فرمانا چاہتے ہیں کہ مولوی عبدالسمیع صاحب علم نے شیطان اور ملک الموت کے ہر جگہ موجود ہونے پر علم خود چند حدیثیں بطور نص کے پیش کی ہیں جو مقامات نزدیک تسلیم یہ ہیں کہ ایسی ہی کوئی نص باب فخر دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہر جگہ حاضر و ناظر ہونے پر بھی موجود ہے؟ اگر ہے تو بتائیے الّا فسلم اللہ۔ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو ایسے قیاس فاسدہ سے ان نصوص قطعیہ کو کیوں رد کرتے ہو جن میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عالم الغیب اور ہر جگہ حاضر و ناظر ہونے کی نفی ہے اور ان ہی نصوص صفت خداوندی کو آپ کے لئے تسلیم کرکے کیوں شرک کا ارتکاب کرتے ہو اور ان نصوص قطعیہ کو قیاس فاسدہ سے رد کر دینا کونسا ایمان کا حصہ ہے۔ مختصر یہ کہ شیطان کی وسعت علمی فریق مخالف کے پیشوا مولوی عبدالسمیع صاحب نے تسلیم و پیش کی ہے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نے تو صرف یہ بتایا ہے کہ اس فاسد اور باطل قیاس کو رد کیا ہے فریق مخالف کے مولوی صاحبان بے حیائی کا برقع اوڑھ کر انوار ساطعہ کے مؤلف اور شیطان کو چھوڑ کر بیچارے مولانا سہارنپوری مظلوم مرحوم پر الزام قائم کرتے ہیں اور اصل ملزم کا کوئی ذکر بھی نہیں کرتے اگر وہ بھی ایسا ہوتا ورنہ ... ہوتا ہے گا

باش کہ تا فضیل قیامت زند ... اس تو ... ایں

مولوی احمد رضا خان صاحب بریلوی نے اکابر علماء دیوبند کی عبارات میں قطع و برید کرکے اور مکر و فریب کے جملہ اوزار استعمال کرکے جب علماء حرمین شریفین سے تکفیری فتوے حاصل کئے تو ہم انگریزی کی ظالم

حکومت مضبوط ہو لیکن جب علماء حرمین کو شبہ ہوا تو انھوں نے چند سوالات تحریر کر کے مولانا خلیل احمد صاحب کو بھیجے جن میں ایک سوال یہ بھی تھا کہ کیا تم نے شیطان کے علم کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ تسلیم کیا ہے؟ مولانا مرحوم نے دیگر سوالات کے جوابات کی طرح اس کا جواب بھی مفصل تحریر فرمایا ہے چنانچہ اس میں یہ بھی ہے کہ "اور ہمارا پختہ عقیدہ ہے کہ جو شخص اس کا قائل ہو کہ فلاں کا علم نبی علیہ السلام سے زیادہ ہے وہ کافر ہے چنانچہ اس کی تصریح ایک نہیں ہمارے بہت سے علماء کر چکے ہیں۔ اور جو شخص ہمارے بیان کے خلاف ہم پر بہتان باندھے اس کو لازم ہے کہ شاہنشاہ روز جزا سے خائف بن کر دلیل بیان کرے اور اللہ ہمارے قول پر وکیل ہے" (المہند علی المفند ص ۲۰-۲۲ مطبوعہ ۱۳۵۲ھ / ۱۹۳۳ء)۔

ان تصریحات کے باوجود بھی اگر کوئی ہٹ دھرم حضرات اکابرین علماء دیوبند پر الزام رکھتا ہے اور خدا تعالیٰ اور اس کی مخلوق سے نہیں شرماتا تو ہمارا اس میں کیا دخل ہے؟ اذا لم تستحی فاصنع ما شئت مگر ایک وقت ایسا ضرور آئے گا جس میں دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی سامنے آجائے گا اور حقیقت معلوم ہو جائے گی کہ کون سچا اور کون جھوٹا تھا؟ اور کس کا ساتھ دینا مناسب اور کس کا نامناسب تھا۔ اور کون صحیح معنی میں اللہ تعالیٰ کا محب اور جناب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مطیع تھا اور کون جھوٹی کھانے والا مجنوں تھا؟ ؎

بوقت صبح شود ہمچو روز معلومت — کہ باکہ باختہ عشق در شب دیجور

فریق مخالف کی اٹھارویں دلیل اور اس کا قلع قمع

مولوی محمد عمر صاحب لکھتے ہیں:-

"انعام پ ۷ لا تطرد الذین یدعون ربھم بالغدٰوۃ والعشی یریدون وجھہ۔ اور نہ چھوڑئیے آپ اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) ان لوگوں کو جو خاص اسی کی رضا کے لئے اپنے رب کی صبح شام عبادت کرتے ہیں۔

اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مومنین کے نہ چھوڑنے کا اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔ اب تم کہو

نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ نہیں ہیں تو ہمارا یہ کہنا ہم اپنے متعلق کیسے صحیح ہو سکتا ہے کہ ہم جب ہم مومن ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمارے نہ چھوڑنے کا ارشاد فرمایا ہے۔ ہاں جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر و ناظر ہونے کے منکر ہیں۔ ان کی یہی وجہ ہو سکتی ہے کہ وہ ایمان سے خالی ہیں۔ لہٰذا انکو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ نہیں۔ (ملخصاً مقیاس حنفیت ص ۲۹۳)

جواب: دین الٰہی کے اندر تحریف اگرچہ بہت لوگوں نے کی ہے مگر اس فن میں جو کمال مولوی محمد عمر صاحب کو حاصل ہے وہ کسی اور کو ہرگز حاصل نہیں ہے۔ وہ اپنے اس تحریف کے فن میں یکتائے روزگار ہیں اور لطف یہ ہے وہ اس پر شرماتے بھی نہیں ہیں۔ اگر وہ اس آیت کا سرسری شان نزول ہی ملاحظہ کر لیتے تو ان کو لا تطرد کے لفظی معنی ہیں نہ چھوڑیئے لیکر تحریف کی ضرورت ہی پیش نہ آتی۔ نیز اس آیت کے مفہوم سے جو مضمون انھوں نے حاضر و ناظر کے مسئلہ پر استدلال کرتے ہوئے کشید کیا ہے۔ اس سے یقیناً ان کو دستگاری ہو جاتی۔ اس آیت کا شان نزول جیسا کہ صحیح مسلم ج ۲ ص ۲۸۱ معالم التنزیل بابن کثیر ج ۳ ص ۱۳۱ تاریخ بغدادی ج ۱ ص ۱۵۱ تفسیر ابن کثیر ج ۲ ص ۲۱۵ اور روح المعانی ج ۷ ص ۱۳۵ وغیرہ میں حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ سے (جو تمام حضرات صحابہ کرامؓ میں وجہ اول کے مفسر قرآن سمجھے جاتے تھے) یوں مروی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حضرت صہیبؓ، حضرت عمارؓ، حضرت بلالؓ اور حضرت خبابؓ جیسے دولت ایمان سے مالا مال اور اتباع رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سرشار مگر دولت دنیا سے تہی دست بیٹھے ہوئے تھے کہ مشرکین کے چند ایک سردار آئے اور انھوں نے یہ مطالبہ کیا کہ اگر آپ ان نادار و مفلس غریب و فاقہ مست لوگوں کو اپنی مجلس سے باہر نکال دیں تو ہم آپ کی تقریر و وعظ سن لیں گے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب اطہر میں اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے ایمان لانے کیلئے جو جذبہ حد درجہ پیدا کیا تھا وہ مخلوق خدا میں اور کس کا حصہ ہو سکتا ہے؟ تو آپ کے دل میں یہ خیال ہی پیدا ہوا تھا کہ اگر یہ لوگ توحید سن لیں اور میں اس مصلحت کے پیش نظر اپنے ان مخلص ساتھیوں کو تھوڑی دیر کے لئے مجلس سے نکال دوں اور کھڑا کر دوں تو کیا مضائقہ ہے مگر اللہ تعالیٰ کو غریبوں سے جو محبت ہے وہ متمول سرمایہ داروں سے نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی اور

آپ کو تنبیہ کی کہ آپ ہرگز ایسا نہ کریں۔ نہ تو اس آیت میں سب مومن مراد ہیں اور نہ ہر ایک کا ساتھ دینے کا ذکر ہے اور نہ حاضر و ناظر کا اس میں سوال پیدا ہوتا ہے۔ یہ صرف مولوی محمد عمر صاحب کی خانہ ساز اختراع اور تحریف ہے ؎

زاغوں کے تصرف میں عقابوں کے نشیمن

اسی مضمون کو اللہ تعالیٰ نے سورۂ کہف میں وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ الآیۃ میں بیان کیا ہے۔ اس آیت کریمہ سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حاضر ناظر ہونے کی صاف طور پر نفی ثابت ہوتی ہے جیسا کہ مخفی نہیں ہے۔ مولوی محمد عمر صاحب کو اللہ تعالیٰ سمجھ عطا فرمائے کہ وہ دعویٰ اور دلیل میں مطابقت کا مفہوم ہی سمجھ سکیں۔ مفتی اور مولوی تو وہ بن بیٹھے ہیں مگر ؎

نہ ہر کہ موئے برافروخت دلبری داند

قارئین کرام! ہم نے نہایت اختصار کے ساتھ فریق مخالف کے دلائل اور ان کے جوابات آپ کے سامنے پیش کر دیئے ہیں۔ ان کے علاوہ بھی بعض نہایت ہی لچر پوچ اور بیہودہ استدلالات فریق مخالف کی طرف سے پیش کئے گئے ہیں لیکن وہ اتنے عامیانہ اور جاہلانہ ہیں کہ ان کی طرف ایک معمولی طالب علم کو بھی توجہ مبذول کرنا نامناسب اور غیر ضروری ہے۔ فریق مخالف کو ایک عمدہ اور نفیس اور جائز ورد دیتا ہوں، وہ اس کو ہر وقت پڑھتا رہے، آخر جائز ورد پڑھنے میں کیا مضائقہ ہے؟ اور وہ ورد شریف یہ ہے۔ ؎

اے مرے باغِ آرزو کیسا ہے باغباں ہے تو
کلیاں تو گو ہیں چار سو کوئی کلی کھلی نہیں

وَصَلَّى اللهُ تَعَالَى عَلَى خَيْرِ خَلْقِهِ أَفْضَلِ الْمُرْسَلِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَآلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَذُرِّيَّتِهِ أَجْمَعِيْنَ إِلَى يَوْمِ الدِّيْنِ آمِيْنَ ثُمَّ آمِيْنَ

وانا العبد الاحقر ابو الزاہد محمد سرفراز خان صفدر الحنفی مسلکاً والدیوبندی تلمذاً والحسینی مشرباً والسواتی نسباً

خطیب جامع مسجد گکھڑ ــــ ضلع گوجرانوالہ

مکتبہ صفدریہ نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ کی مطبوعات

- خزائن السنن — تقریر ترمذی
- احسن الکلام — مسئلہ فاتحہ خلف الامام کی مدلل بحث
- تسکین الصدور — مسئلہ حیات النبی پر مدلل بحث
- الکلام المفید — مسئلہ تقلید پر مدلل بحث
- ازالۃ الریب — مسئلہ علم غیب پر مدلل بحث
- راہِ سنت — رد بدعات پر لاجواب کتاب
- مقام ابی حنیفہ
- اتمام ... حق
- طائفہ منصورہ — [illegible]
- ارشاد الشیعہ — شیعہ نظریات کا مدلل جواب
- آنکھوں کی ٹھنڈک — مسئلہ حاضر و ناظر پر مدلل بحث
- عبارات اکابر — [illegible]
- صرف ایک اسلام
- گلدستہ توحید — مسئلہ توحید کی وضاحت
- دل کا سرور — [illegible]
- درود شریف — پڑھنے کا شرعی طریقہ
- احسان الباری — [illegible]
- تبلیغ اسلام — [illegible]
- چراغ کی روشنی — [illegible]
- مسئلہ قربانی — قربانی کی فضیلت اور ایام قربانی پر مدلل بحث
- عیسائیت کا پس منظر — عیسائیوں [illegible]
- مقالہ ختم نبوت — قرآن و حدیث کی روشنی میں
- بانی دار العلوم دیوبند — [illegible]
- راہ ہدایت — [illegible]
- ینابیع — [illegible]
- آئینہ محمدی — [illegible]
- تفریح الخواطر — بجواب تنویر الخواطر
- اتمام البرہان — [illegible]
- حلیۃ المسلمین — [illegible]
- توضیح المرام فی نزول المسیح علیہ السلام
- تنقید متین — بر تفسیر نعیم الدین
- شوق جہاد
- الکلام الحاوی — [illegible]
- ملا علی قاری — [illegible]
- المسلک المنصور
- الشہاب المبین — [illegible]
- عمدۃ الاثاث — تین طلاقوں کا مسئلہ
- شوق حدیث — [illegible]
- انکار حدیث کے نتائج — [illegible]
- مودودی صاحب کا غلط فتویٰ
- چالیس دعائیں
- اخفاء الذکر — [illegible]
- باب جنت — بجواب راہ جنت
- حکم الذکر بالجہر
- اظہار العیب — [illegible]
- الطیب الکلام — [illegible]
- چہل مسئلہ — [illegible]
- سورۃ ... ارشاد والحق — [illegible]
- مرزائی کا جنازہ اور مسلمان
- خزائن السنن — [illegible]
- بخاری شریف — [illegible]
- حمیدیہ — [illegible]
- جنت کے نظارے — [illegible]
- [illegible]

عمر اکادمی کی مطبوعات

- تین طلاقوں کے مسئلہ پر مقالہ کا جواب مقالہ
- علامہ کوثری کی تانیب الخطیب کا اردو ترجمہ — امام ابو حنیفہ کا عادلانہ دفاع